www.dailypakistanbulletin.pk
کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار
Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
جلد نمبر 11 ہفتہ 11 اپریل 2026ء بمطابق 22 شوال 1447ھ شمارہ 256 قیمت 10 روپے

جے ڈی وینس

ایران نیک نیتی سے مذاکرات کرتا ہے تو ہم بھی تیار ہیں

امریکی نائب صدر اسلام آباد میں پاکستان کی ثالثی میں ہونیوالے ایران امریکا مذاکرات میں امریکی وفد کی سربراہی کر رہے ہیں

امریکی صدر ٹرمپ کی گائیڈ لائن کے تحت مذاکرات میں حصہ لینے جا رہا ہوں، ایران کے ساتھ تعمیری گفتگو کے خواہاں ہیں

اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی، امریکی نائب صدر

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اسلام آباد امن مذاکرات میں شرکت کے لیے پاکستان روانہ ہو گئے۔ امریکی نائب صدر اسلام آباد میں پاکستان کی ثالثی میں ہونے والے ایران امریکا مذاکرات میں امریکی وفد کی سربراہی کریں گے۔ روانگی سے قبل ایئرپورٹ پر گفتگو کرتے ہوئے جے ڈی وینس نے کہا کہ ایران کے ساتھ تعمیری گفتگو کے خواہاں ہیں، ایران نیک نیتی سے مذاکرات کرتا ہے تو ہم بھی تیار ہیں۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکی صدر ٹرمپ کی گائیڈ لائن کے تحت مذاکرات میں حصہ لینے جا رہا ہوں، یقین ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات مثبت رہیں گے۔ اگر ایران نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہ کیا، چالاکی کی کوشش کی تو امریکی مذاکراتی ٹیم مثبت ردعمل نہیں دے گی، یاد رہے کہ امریکا اور ایران کے مذاکرات پاکستان کی ثالثی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

پاکستان امن کی پہچان

امریکا ایران مذاکرات کا آغاز آج اسلام آباد میں ہوگا

ایران کی نمائندگی وزیرخارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف کریں گے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، امریکی مذاکرات کار سٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان پہنچے

اسلام آباد میں بڑی بیٹھک کی بڑی تیاریاں، دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج بھی مقامی تعطیل کا اعلان، ایران امریکا مذاکرات کے باعث ایشیائی مارکیٹوں میں استحکام آ گیا اور خام تیل کی قیمت میں بھی کمی آ گئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد پاکستان دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا، پاکستان کی میزبانی میں فریقین کے درمیان مذاکرات آج اسلام آباد میں ہوں گے۔ ایران اور امریکا کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات شروع اور ان مذاکرات کا اہم مرکزی مرحلہ آج ہوگا، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، امریکی مذاکرات کار سٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان پہنچے۔ ایران کی نمائندگی وزیرخارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف کریں گے، اس سلسلے میں وزیراعظم شہباز شریف نے مذاکرات کے مقام کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ وہ اسلام آباد میں جاری مذاکرات کے حوالے سے بہت پرامید ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ سفارتی کوششیں جلد نتائج دیں گی، خطے میں کشیدگی میں کمی متوقع ہے اور اسرائیل بھی اپنے حملے کم کرے گا۔ ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف نے جنگ بندی میں پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اسلام آباد مذاکرات میں ایران کی فعال شرکت کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں بڑی بیٹھک کی بڑی تیاریاں ہو رہی ہیں، مہمانوں کی آمد شروع ہو چکی ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اعلیٰ سطح کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

وزیراعظم کا سعودی وزیرخزانہ کے اعزاز میں عشائیہ، اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

ملاقات میں توانائی، انفراسٹرکچر اور مالیاتی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال ہوا

دورانِ گفتگو وزیراعظم کا سعودی قیادت کے ساتھ مضبوط برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے سعودی وزیرخزانہ محمد الجدعان کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف سے سعودی وزیرخزانہ محمد الجدعان نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اقتصادی تعاون اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

وزیراعلیٰ سندھ نے سید مراد علی شاہ سیف سٹی پروجیکٹ کی منظوری کیلئے اجلاس کی صدارت

فضل الرحمن

چاروں صوبوں کے حقوق کا تحفظ آئین کی بنیاد ہے

دعا ہے پاکستان ترقی، خوشحالی اور استحکام حاصل کرے، سیاسی کارکنوں اور عوام نے آئین کے دفاع کے لئے قربانیاں دیں

دوتہائی اکثریت کے باوجود ذوالفقار علی بھٹو نے قومی اتفاق رائے کو ترجیح دی، 1973 کا آئین حقیقی معنوں میں میثاقِ ملی ہے

آئین کے معماروں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، مفکر اسلام مفتی محمود اور اپوزیشن قائدین کا کردار قابل فخر ہے

آئین کا اسلامی تشخص مذہبی جماعتوں کی دوراندیش قیادت کا مرہون منت ہے، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ آئین کا اسلامی تشخص مذہبی جماعتوں کی دوراندیش قیادت کا مرہون منت ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں 1973 کے متفقہ آئین منظور ہونے کے دن کے حوالے سے اہم پیغام دیتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ آج کے دن 1973 کا آئین متفقہ طور پر منظور ہوا، پاکستان باقاعدہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کہلایا، آج کا دن قومی وحدت کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوتہائی اکثریت کے باوجود ذوالفقار علی بھٹو نے قومی اتفاق رائے کو ترجیح دی، 1973 کا آئین حقیقی معنوں میں میثاقِ ملی ہے، آئین کے معماروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، مفکر اسلام مفتی محمود اور اپوزیشن قائدین کا کردار قابل فخر ہے۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ آئین کا اسلامی تشخص مذہبی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

آئین پر مکمل عملدرآمد سے ہی جمہوریت قائم رہ سکتی ہے، صدر مملکت

آئین صرف قانونی دستاویز نہیں بلکہ روزمرہ حکمرانی اور اداروں کے کام کرنے کا رہنما اصول ہے

1973 کا آئین پاکستان کی جمہوری شناخت، وفاقی توازن اور شہری حقوق کی ضمانت ہے، صدر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم دستور کے موقع پر اپنے الگ الگ پیغامات جاری کئے ہیں۔ یوم دستور کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ 1973 کا آئین پاکستان کی جمہوری شناخت، وفاقی توازن اور شہری حقوق کی ضمانت ہے، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

"اسلام آباد ہائی الرٹ پر، پاکستان امریکہ-ایران امن مذاکرات کی میزبانی کی تیاری کر رہا ہے

مندوبین کو ویزا آن ارائیول سہولت فراہم کی جائے گی، اسحاق ڈار

اسلام آباد (اے پی پی) نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان مذاکرات کے لئے اسلام آباد آنے والے مندوبین کو ویزا آن ....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

طلبا کراچی میں بی آئی ایس ای کے تحت میٹرک کا امتحان دیتے ہیں

ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں، خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے، بلاول بھٹو

کراچی (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) بلاول بھٹو زرداری نے نوبل امن انعام کی نامزدگی کے سوال اور افواہوں پر جواب دے دیا۔ برطانوی ٹی وی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

1973 کا آئین وفاق کی مضبوطی اور عوامی حقوق کا ضامن ہے، مراد علی شاہ

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آئین کے تحفظ کی جدوجہد جاری ہے، وزیراعلیٰ

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا یوم دستور پاکستان پر پیغام میں کہا 1973 کا آئین وفاق کی مضبوطی اور عوامی حقوق کا ضامن ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہری دن ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو متفقہ، جمہوری اور اسلامی آئین دیا۔ انہوں نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں آئین کے تحفظ کی جدوجہد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

کفایت شعاری

سندھ میں مارکیٹیں، ہوٹلز، شادی ہالز کے نئے اوقات کار نافذ

تمام دکانیں، مارکیٹس اور شاپنگ مالز ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کے علاوہ دیگر اضلاع میں ہفتے کے ساتوں دن شام 8 بجے تک بند کر دیے جائیں گے

ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور فوڈ آؤٹ لیٹس رات 7 بجے سے ساڑھے گیارہ تک کھولنے کی اجازت، ہوم ڈیلیوری اور ٹیک اوے سروس پر کوئی پابندی نہیں ہوگی

تندور، دودھ و ڈیری شاپس، بیکریز، میڈیکل اسٹورز، لیبارٹریز، اسپتال اور پیٹرول پمپس ان پابندیوں سے مستثنا ہوں گے، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے کفایت شعاری پالیسی کے تحت صوبے میں کاروباری اوقات محدود کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومتِ سندھ نے ایندھن کی بچت اور حکومتی کفایت شعاری پالیسی کے تحت صوبے بھر میں کاروباری اوقات محدود کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کا اطلاق فوری ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام دکانیں، مارکیٹس اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

ایران نے امریکی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیدی

ایران اپنے متعین کردہ محفوظ راستوں کے ذریعے جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنائے گا

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے نائب وزیر خارجہ سعید خطیب زادہ نے کہا ہے کہ امریکی بحری جہاز بھی آبنائے ہرمز سے گزر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ کسی قسم کی دشمنی پر مبنی سرگرمی میں ملوث نہ ہوں۔ بی بی سی فارسی کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز اس وقت کھلی ہوئی ہے تاہم جہازوں کے محفوظ گزرنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایرانی افواج کے ساتھ رابطے میں رہیں تاکہ تکنیکی اور سکیورٹی معاملات کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایرانی نائب وزیر کے مطابق ایران اپنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

نائب ایرانی صدر کی پاکستان کی کاوشوں کی تعریف

مذاکرات کا ہدف اپنی فوجی کامیابیوں کو سفارتی طور پر مزید تقویت دینا ہوگا

امریکا کی دھوکہ دہی والی فطرت کے سبب گہرے شکوک وشبہات باقی رہیں گے

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف نے جنگ بندی میں پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اسلام آباد مذاکرات میں ایران کی فعال شرکت کا اعلان کر دیا۔ جاری بیان میں ایرانی نائب صدر نے کہا کہ مذاکرات کا ہدف اپنی فوجی کامیابیوں کو سفارتی طور پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

سی ٹی ڈی کو جدید آلات سے لیس کرنا ناگزیر ہے، آئی جی سندھ

حساس معلومات پر مشتمل سندھ پولیس کی ریڈ بک کو اے آئی فیچرز کے ساتھ ڈیجیٹلائز کر دیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) آئی جی سندھ نے کہا ہے کہ موجودہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سی ٹی ڈی کو جدید آلات سے لیس کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ شعبہ انسداد دہشت گردی میں جاری ڈیجیٹلائزیشن اور جدید آلات کی ضرورت وحصول سے متعلق اہم اجلاس آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیرصدارت ہوا، جس میں گفتگو کرتے کرتے ہوئے انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ سی ٹی ڈی کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جدید وسائل کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

امید ہے مذاکرات کے دوران امن معاہدہ ہو جائیگا، ٹرمپ

ایران کے ساتھ امن معاہدہ قریب ہوسکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے، اسرائیل بھی اپنے حملے کم کر دے گا، امریکی صدر

ایرانی قیادت مذاکرات میں معقول رویہ اختیار کیے ہوئے ہے تاہم اگر معاہدہ نہ ہوا تو صورتحال بہت تکلیف دہ ہوسکتی ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ قریب ہوسکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے جبکہ اسرائیل بھی اپنے حملے کم کر دے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ ممکنہ امن معاہدے کے حوالے سے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ قریب ہوسکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ وہ اسلام آباد میں جاری مذاکرات کے حوالے سے بہت پرامید ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ سفارتی کوششیں جلد نتائج دیں گی، خطے میں کشیدگی میں کمی متوقع ہے اور اسرائیل بھی اپنے حملے کم کر دے گا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت مذاکرات میں معقول رویہ اختیار کیے ہوئے ہے تاہم اگر معاہدہ نہ ہوا تو صورتحال ....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

پاکستان اسلام آباد میں امریکہ-ایران امن مذاکرات کی میزبانی کے لیے تیاری کی جا رہی ہے

لاہور کے افق پر بادلوں بھرا موسم چھا گیا

اسحاق ڈار کو نیدرلینڈز کے وزیرخارجہ کا ٹیلیفون، جنگ بندی کو سراہا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ ٹام بریندسن کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

وزیرداخلہ محسن نقوی کی زیرصدارت اجلاس، سکیورٹی پلان کا جائزہ لیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیرصدارت اہم اجلاس ہوا، اجلاس میں اسلام آباد میں امریکہ، ایران مذاکرات کی تیاریوں اور سکیورٹی پلان کا جائزہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

پاک بحریہ کا ریسکیو آپریشن، غیر ملکی جہاز سے 18 افراد کو بچا لیا

ہنگامی اطلاع موصول ہونے پر پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی (PMSA) نے اپنے میری ٹائم ریسکیو کوآرڈینیشن سینٹر کو فعال کیا

پاک بحریہ کی ٹیم نے تجارتی بحری جہاز پر لگی آگ بجھانے میں معاونت، متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کرنے کے علاوہ عملے کو بحفاظت ریسکیو کیا

کراچی (ویب ڈیسک) شمالی بحیرہ عرب میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کارروائی کے دوران پاک بحریہ نے تجارتی بحری جہاز ایم وی گولڈ آٹم سے موصول ہونے والے ہنگامی سگنل کے بعد 18 افراد پر مشتمل عملے کو بحفاظت ریسکیو کر لیا۔ پاکستانی ساحل سے تقریباً 200 ناٹیکل میل (تقریباً 370 کلومیٹر) جنوب میں موجود اس تجارتی بحری جہاز سے ریسکیو کیے گئے افراد میں چین، بنگلہ دیش، میانمار، ویتنام اور انڈونیشیا کے شہری شامل ہیں۔ ہنگامی اطلاع موصول ہونے پر پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی (PMSA) نے اپنے میری ٹائم ریسکیو کوآرڈینیشن سینٹر کو فعال کیا، فوری طور پر مناسب حکمت عملی اپناتے ہوئے پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس حنین، جو کہ سمندری حدود کی نگرانی پر مامور تھا، کو امدادی کارروائی کے لیے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بجٹ اقدامات کا جائزہ اجلاس، آئی ایم ایف کی نئی شرائط

پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین، بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے لیے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم نے متعلقہ وزارتوں کو صوبوں کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی تجاویز پیش کرنے اور پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ تین ہفتوں میں وفاقی حکومت نے کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے۔ آئندہ بھی غریب طبقے کے ریلیف کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ تیل کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے کے لیے وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کی۔ کفایت شعاری اور بچت کے مختلف اقدامات کے ذریعے عوام کو 129 ارب روپے کا ریلیف دیا۔ دوسری جانب، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ کردیا ہے جس کے بعد پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگے ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے حکومت کو نئے مطالبات کی فہرست فراہم کی گئی ہے جس میں اگلے مالی سال ٹیکس ہدف میں 16 سو ارب روپے سے زائد اضافے کی تجویز دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں، آئی ایم ایف نے چھوٹے کاروبار اور تاجروں پر اثاثوں کی بنیاد پر ٹیکس لگانے اور نئے بجٹ میں ٹیکس ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی۔ یہ صورتحال ایک ایسی تصویر پیش کرتی ہے جس میں ایک طرف ریلیف کے اعلانات ہیں اور دوسری طرف مہنگائی کا نہ تھمنے والا سیلاب۔ 129 ارب روپے کا ریلیف سننے میں بڑا لگتا ہے، لیکن جب اسے پاکستان کی 24 کروڑ سے زائد آبادی پر تقسیم کیا جائے تو فی کس رقم انتہائی معمولی بنتی ہے۔ دوسری طرف، گزشتہ چند برسوں میں بجلی کے نرخوں میں تین سو فیصد سے زائد اضافہ ہو چکا ہے، گیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور اشیائے ضرور یہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ ایسے میں حکومت کا ریلیف کا بیانیہ عوام کو مطمئن کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ بجٹ سے قبل آئی ایم ایف کا پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی عائد کرنے کا مطالبہ محض ایک مالی سفارش نہیں بلکہ یہ حکومت پر عوام دشمن پالیسیاں اپنانے کے لیے واضح دباؤ ڈالنے کی کوشش ہے۔ پٹرولیم پر اضافی ٹیکس کا مطلب ہے ٹرانسپورٹ مہنگی، اشیائے خورد ونوش مہنگی اور پیداواری لاگت میں اضافہ، جس سے بالآخر عام آدمی کا معاشی بوجھ مزید بڑھ جائے گا۔ ہر بجٹ سے پہلے آئی ایم ایف کی شرائط کا سامنے آنا اور حکومت کا انہیں من وعن قبول کرتے چلے جانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پاکستان کی اقتصادی پالیسی اسلام آباد میں نہیں، کہیں اور بنتی ہے۔ حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ ریلیف کے خوبصورت اعلانات کرنے سے پہلے زمینی حقائق دیکھیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر آنکھیں بند کر کے عمل کرنے کی بجائے قومی مفاد میں مشاورت کریں۔ کفایت شعاری کا آغاز عوام سے نہیں، حکومتی اخراجات اور مراعات یافتہ طبقے سے ہونا چاہیے۔ جب تک حکمران خود سادگی نہیں اپناتے، عوام سے قربانی مانگنا منافقت ہے۔ اس صورتحال میں عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے اور ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق عنقریب وہ سڑکوں پر ہوں گے اور پھر حکومت سے معاملات سنبھالے نہیں جائیں گے، لہٰذا اب بھی وقت ہے کہ حکومت دعووں کی سیاست چھوڑے اور حقیقی عوامی ریلیف کی راہ اختیار کرے ورنہ تاریخ ان حکمرانوں کو معاف نہیں کرے گی جنھوں نے آئی ایم ایف کو خوش کرنے کی خاطر اپنے عوام کو مصائب کی دلدل میں دھکیل دیا۔

اکھنڈ بھارت، گریٹر اسرائیل کچی نیند کے خواب

حالیہ غیر منصفانہ ایران، اسرائیل (پشت پر امریکہ) جنگ میں دنیا کی امن پسند قوتوں، ترقی پذیر ممالک کو اپنی کمزور معیشت کو مضبوط بنانے کے عمل کو سست کردیا ہے، حالیہ تنازعہ نے تمام عالمی نظاموں، وعالمی ادارے جو اربوں ڈالرز کے خرچ پر بنائے گئے تھے بے عمل کردیا ہے، جو عالمی تنازعات کو حل کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں اور اپنی حیثیت کھو چکے ہیں۔ چونکہ صرف میں کی پالیسی نے سوچنے پر مجبور کردیا ہے کہ دنیا میں امن پسند لوگ اور ترقی پذیر معیشتیں کس طرح اپنی کامیابی دیکھ سکیںگی؟۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں ہمیشہ سے ایک توازن پایا جاتا ہے، جہاں وہ بڑی طاقتوں کے ساتھ تعلقات بھی قائم رکھتا ہے اور مسلم دنیا سمیت دیگر خطوں میں بھی اپنی موجودگی کو برقرار رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب پاکستان کسی تنازعے کے حل کے لیے مذاکرات کی پیشکش کرتا ہے تو اسے سنجیدگی سے لیا جاتا ہے۔ ماضی کے کچھ ماہ میں پاکستان کی خارجہ پالیسی نے عالمی کانفرنسز میں پاکستان اور سنجیدہ اور فعال کردار ادا کیا ہے یہ ہی وجہ ہے کہ حالیہ تنازعہ میں پاکستان اپنے قریب ترین امن پسند دوستوں سعودی عرب، ترکی، مصر، چین وغیرہ کے ساتھ ملکر حالیہ تنازعہ پر بھی بیٹھک کررہا ہے تنازعات کے خاتمے کیلئے مذاکرات کا آغاز خود میں ایک بڑی کامیابی ہے۔ اکثر اوقات تنازعات اس مقام تک پہنچ جاتے ہیں جہاں فریقین بات چیت سے بھی گریز کرتے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کا کردار ایک پل کا کام کررہا

امیر خان

ہے شائد فریقین پر اثر ورسوخ رکھنے والے امن پسند ممالک دونوں متحارب فریقین کو ایک میز پر لانے میں مدد دے سکیں۔ پاکستان کو اسوقت کئی مقامات پر اہم ترین ملک کا درجہ حاصل ہوا ہے، مثلاً پاکستان کی جغرافیائی حیثیت، ایران کے ساتھ مشترکہ سرحد، بحر ہند تک رسائی اور وسطی ایشیا کے گیٹ وے کے طور پر پاکستان کا مقام اسے قدرتی طور پر ثالث بناتا ہے عالمی نقشے کو سمجھنے والے جانتے ہیں کہ پاکستان کے بغیر مشرق وسطی میں کوئی امن منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، موجودہ تنازعہ میں بھارت نے خارجہ امور پر نہائت ہی کمزور اور اپنے طور پر شاطرانہ عمل اپنایا ہے۔ بھارت ایران کے ساتھ چار بہار پورٹ جیسے منصوبوں پر اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود اس بحران میں صرف اپنے تیل کے راستوں تک محدود رہ گیا۔ بھارتی میڈیا اس بات پر زور لگا رہا ہے کہ ایران کے مذہبی اور سیاسی رہنما خامنائی کی انگلیوں میں جو انگھوٹی ہے وہ ایران کی مضبوطی ہے توہم پرستی کا شکار، گائے کو ماتا ماننے والے اس سے آگے سوچ بھی نہیں سکتے، دوسری جانب امن پسند اسلامی ملک پاکستان ہے جو نہ صرف اپنے مفادات بلکہ علاقائی امن میں بھی فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی، علاقائی امن کی خواہشمندی، اور عالمی طاقتوں کے ساتھ محتاط تعلقات چاہے وہ امریکہ ہو، یا چین جو پاکستان کو احترام کی نگاہ سے دیکھتے اور تعلقات رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جب ایران اور امریکہ جیسے دو اہم اور متصادم ممالک کے درمیان رابطے کی ضرورت پیش آئی تو پاکستان ایک قابل قبول ذریعہ بن کر سامنے آیا۔ یہ واقعہ نہ صرف پاکستان کی سفارتی پختگی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ بھارت کی "وشواگرو" اور پاکستان کو تنہا کرنے" والی حکمت عملی کی مکمل ناکامی کو بھی بے نقاب کرتا ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت بھی پاکستان کی سفارتی کامیابیوں کی اہم وجہ ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ذاتی رابطہ بھی ایک اہم عنصر ہے۔ اکھنڈ بھارت کے خواب دیکھنے والے اور پاکستان کے ساتھ سرحدی تناؤ میں الجھی رہنے والی بھارتی فوج اور قیادت اس سطح کی غیر جانبدار ثالثی نہیں کرسکتی۔ اسی لیے امریکہ نے ثالثی کے لیے بھارت کی بجائے پاکستان کی طرف رجوع کیا ہے۔ پاکستان کو اسوقت وزیر اعظم شہباز شریف کی حکومت کی حالیہ اصلاحات، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ اور عالمی اداروں کے ساتھ تعاون نے پاکستان کو پر اعتماد بنایا ہے۔ جب ایک ملک داخلی طور پر مستحکم ہو تو وہ عالمی سطح پر بڑے کردار بھی ادا کرسکتا ہے۔ پاکستان سے پانچ گنا بڑا ملک بھارت اس حقیقی بحران میں کہیں نظر نہیں آرہا وہ چین یا ہو سے گلے ملنے کا مزہ لے رہا ہے، ایران میں بھارتی سرمایہ کاری جو اس نے پاکستان کے پڑوس میں رہنے اور دہشت گردی کیلئے کی تھی مگر اسکے باوجود 1979 سے ایران اور امریکہ کے درمیان سفارتی روابط منقطع ہونے کے بعد پاکستان نے واشنگٹن میں ایرانی مفادات کا تحفظ کیا۔ یہ دیرینہ کردار اب ثالثی میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ ادھر بھارتی حالیہ پالیسوں کو اندرون بھارت سخت نکتہ چینی کا سامنا ہے کہ بھارت کو امریکہ کی گود میں بیٹھنے کا بھارت کو کیا فائدہ ہوا؟؟؟ اس پالیسی کی بنا بھارت کو علاقائی اثر ورسوخ سے محروم کردیا۔ کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق بھارتی وزیر خارجہ کو غیر سفارتی اور غیر اخلاقی زبان استعمال کر کے انتہائی نیچ اور گھٹیا کردار ادا کرنا پڑ رہا ہے جے شنکر کے حالیہ بیانات بھارت کی خجالت کو مزید بڑھا رہے ہیں۔ اکھنڈ بھارت اور گریٹر اسرائیل کے داعی بھارت کیلئے بڑا دھچکا ہے کہ جب حقیقی سفارتکاری کی ضرورت تھی تو دنیا نے پاکستان کو منتخب کیا۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار چوٹ لگنے کے باوجود پین کلر کھا کر مذاکرات میں مصروف ہیں پاکستان کی سفارتی کاری کا عالمی سطح پر ڈنکا اور چرچا پاکستان کے لیے ایک موقع بھی ہے۔ اگر اسلام آباد میں مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں تو پاکستان کا عالمی مقام مزید بلند ہوگا۔ مذاکرات خدانا خواستہ ناکام ہونے کی صورت میں اگر بڑی طاقتیں اپنے مفادات کے تحت یکطرفہ اقدامات جاری رکھتی ہیں تو بین الاقوامی تعاون کی جگہ محاذ آرائی بڑھے گی چونکہ امن مشن میں عالمی ادارے ناکام رہے ہے اسوجہ سے چھوٹے اور کمزور ممالک کا اعتماد متزلزل ہوگا اور عالمی اداروں کی غیر جانبداری مشکوک ہو جاتی ہے۔ نتیجتاً عالمی نظام ایک ایسے بحران سے دوچار ہوسکتا ہے جہاں نہ تو پہلے سے طے شدہ اصولوں پر عمل ممکن ہوگا اور نہ ہی نئے اصول تشکیل پا سکیں گے۔ دنیا کے صاحب رائے ممالک اور شخصیات کیلئے یہ بات اہم ضروری ہے کہ عالمی اداروں کو صرف نمائشی ادارہ نہ بننے دیں اور دنیا کے معاملات میں با اثر ادارہ بنائیں جس سے دنیا کے ظالموں سے مظلوموں کو نجات مل سکے گی انکا حشر بھارتی تسلط سے نبرد آزما کشمیر جیسا نہ ہوگا، پاکستان کشمیر میں بھارتی مظالم اور ناجائز قبضے کے حوالے سے عالمی اداروں کی خاموشی، بے عملی کا گزشتہ کئی دھائیوں سے شکار ہے امن کیلئے بنائے گئے عالمی ادارے بھارتی رہنماں نہرو وہ دیگر کی قراردادوں کو عملی جامعہ پہنانے سے قاصر ہے، اور نہ ہی کشمیر میں ہونے والے بھارتی مظالم پاکستان کی جانب سے بارہا نشاندہی اور مطالبوں کے بعد نظر آتے ہیں اگر عالمی اداروں کی یہ ہی بے عملی رہی تو ان اداروں کی کیا ضرورت ہے؟؟ لگتا ہے یہ نظام آخری سانس لے رہا ہے طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی رقابت، علاقائی تنازعات، معاشی عدم استحکام، اور عالمی اداروں کی کمزور ہوتی ساکھ نے یہ سوال اہم کردیا ہے کہ اس صورتحال میں اگر نئے عالمی نظام کو جنم دیا تو کیا وہ بھی صرف طاقتور ممالک کیلئے ہوگا اور چھوٹے ممالک بڑی طاقتوں کے ظلم کا شکار رہیں گے؟؟؟

فضیلہ عباسی کیس: ایک فرد یا بڑا مالیاتی نیٹ ورک؟

مبصرین کے مطابق پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اگرچہ احتساب کا نعرہ ہمیشہ سے ایک طاقتور ہتھیار رہا ہے، مگر اس کی ساکھ اسی وقت برقرار رہتی ہے جب اس کا اطلاق بلاامتیاز ہو۔ حالیہ دنوں میں ڈاکٹر فضیلہ عباسی اور ان سے جڑے مبینہ منی لانڈرنگ کیس نے ایک بار پھر اسی اصول کو آزمائش میں ڈال دیا ہے، خصوصاً اس لیے کہ اس معاملے کی بازگشت ایک ایسے حلقے تک جا پہنچی ہے جو ماضی میں خود کو شفافیت اور دیانت داری کا علمبردار قرار دیتا رہا ہے۔ یہ امر قابل توجہ ہے کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ادارے نے ڈاکٹر فضیلہ عباسی کے مالی معاملات کی چھان بین کے دوران ایسے شواہد کا انکشاف کیا ہے جن میں اربوں روپے کی بینکنگ ٹرانزیکشنز، متعدد اکاؤنٹس اور بیرون ملک رقوم کی منتقلی شامل ہے۔ مبصرین کے مطابق اگرچہ ان الزامات کا حتمی فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، تاہم سامنے آنے والے اعداد وشمار نے کئی بنیادی سوالات کو جنم دیا ہے۔ ایک جانب ٹیکس ریکارڈ میں محدود آمدن ظاہر کی گئی، جبکہ دوسری جانب مبینہ طور پر اربوں روپے کی مالی گردش سامنے آئی یہ تضاد خود ایک بڑی تحقیق کا متقاضی ہے۔ اسی تناظر میں سب سے زیادہ توجہ اس پہلو نے حاصل کی ہے کہ یہ معاملہ محض ایک فرد تک محدود نہیں رہا بلکہ اس کے ممکنہ روابط ایک وسیع تر سماجی اور سیاسی دائرے تک پھیلتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق جب کسی کیس میں جوائنٹ اکاؤنٹس، خاندانی روابط اور بیرونی ترسیلات کا ذکر سامنے آئے تو یہ ایک منظم مالیاتی نیٹ ورک کے امکان کو بھی جنم دیتا ہے، جس کی مکمل چھان بین ناگزیر ہو جاتی ہے۔ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ماضی میں جب اسی نوعیت کے الزامات دیگر سیاسی شخصیات پر عائد ہوئے تو تحریک انصاف کے حامی حلقوں کی جانب سے سخت ردعمل دیکھنے میں آیا تھا۔ احتساب، شفافیت اور کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس جیسے نعرے بھرپور انداز میں بلند کیے گئے۔

اصغر علی شاہ

تاہم موجودہ معاملے میں خاموشی یا محتاط ردعمل نے ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ مبصرین کے مطابق یہی وہ مقام ہے جہاں سیاسی بیانیے کی ساکھ کا امتحان ہوتا ہے کیا اصول سب کے لیے یکساں ہیں یا حالات کے مطابق بدل جاتے ہیں؟ اسی تناظر میں حمزہ علی عباسی کا نام بھی زیر بحث آیا ہے، جو ماضی میں تحریکِ انصاف کے ایک نمایاں حامی اور عوامی بیانیے کے سرگرم ترجمان رہے ہیں۔ ان کی سیاسی وابستگی اور نظریاتی موقف کے باعث اس کیس کی حساسیت مزید بڑھ گئی ہے۔ جان کاروں کے مطابق جب کسی ایسے فرد کے قریبی حلقے پر مالی بے ضابطگیوں کے الزامات آئیں جو خود احتساب کا علمبردار رہا ہو، تو عوامی توقعات اور سوالات دونوں شدت اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ امر بھی خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ اگر واقعی رقوم کی منتقلی بیرون ملک تک ہوئی اور اس میں غیر رسمی ذرائع جیسے حوالہ ہنڈی کے استعمال کے شواہد سامنے آتے ہیں، تو یہ معاملہ صرف ٹیکس بے ضابطگی تک محدود نہیں رہتا بلکہ ایک سنگین مالیاتی جرم کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ سفارتی ماہرین کے بقول اس نوعیت کے کیسز نہ صرف ملکی معیشت بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی مالیاتی ساکھ کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب قانونی پیش رفت نے بھی اس کیس کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ عدالت میں پیشیوں، ضمانتوں اور تفتیشی عمل سے متعلق رپورٹس نے یہ تاثر دیا ہے کہ معاملہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے، مگر اس کے اثرات سیاسی بیانیے پر فوری طور پر مرتب ہو رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق اس مرحلے پر سب سے اہم ضرورت یہ ہے کہ تحقیقات شفاف، غیر جانبدار اور قانون کے مطابق ہوں تا کہ کسی بھی قسم کے شکوک وشبہات کو ختم کیا جا سکے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان میں عوام پہلے ہی مہنگائی، ٹیکسوں اور معاشی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں جب اربوں روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی خبریں سامنے آتی ہیں تو یہ صرف ایک قانونی کیس نہیں رہتا بلکہ ایک سماجی اور اخلاقی سوال بھی بن جاتا ہے۔ عوام یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا احتساب واقعی سب کے لیے یکساں ہے یا یہ صرف مخصوص حالات میں استعمال ہونے والا نعرہ ہے۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ڈاکٹر فضیلہ عباسی کا کیس محض ایک فرد یا ایک خاندان تک محدود نہیں بلکہ یہ پاکستان کے سیاسی اور احتسابی نظام کے لیے ایک اہم امتحان بن چکا ہے۔ فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، مگر عوام کے ذہنوں میں اٹھنے والے سوالات اپنی جگہ موجود ہیں: کیا یہ واقعی ایک انفرادی معاملہ ہے یا کسی بڑے مالیاتی نیٹ ورک کا حصہ؟ کیا احتساب کا عمل بلاامتیاز آگے بڑھے گا یا ایک بار پھر بیانیے اور حقیقت کے درمیان خلیج نمایاں ہوگی؟ یہی وہ سوالات ہیں جو آنے والے دنوں میں نہ صرف اس کیس بلکہ مجموعی سیاسی فضا کا رخ متعین کریں گے۔ ایسے میں توقع کی جانی چاہیے کہ اس ضمن میں تمام زمینی حقائق کو جلد سے جلد منظر عام پر لایا جائے گا۔

نفاستِ سخن اور وقارِ محفل: پہچانِ پاکستان ادبی ایوارڈ کی داستان

ادب کسی بھی معاشرے کی روح ہوتا ہے اور جب اس روح کو پہچاننے، سنوارنے اور عزت دینے کے لیے اجتماعی سطح پر کاوش کی جائے تو وہ لمحہ محض ایک تقریب نہیں رہتا بلکہ تاریخ کا حصہ بن جاتا ہے۔ 26 مارچ 2026 کو لاہور میں منعقد ہونے والی پہچان پاکستان ادبی ایوارڈ 2026 کی تقریب بھی اسی نوعیت کا ایک درخشاں باب ہے، جس نے نہ صرف اہل قلم کو خراج تحسین پیش کیا بلکہ عالمی ادبی روایت میں پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی اجاگر کیا۔

دنیا بھر میں ادبی ایوارڈز کی ایک طویل روایت موجود ہے، چاہے وہ مغرب میں ادب کے اعلیٰ ترین اعزازات ہوں یا مشرق میں تہذیبی وفکری خدمات کا اعتراف، یہ سب اس بات کا ثبوت ہیں کہ الفاظ کی طاقت سرحدوں کی محتاج نہیں ہوتی۔ ایسے میں پاکستان جیسے فکری اور ثقافتی طور پر زرخیز ملک میں اس نوعیت کی تقریبات کا انعقاد نہایت اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ یہ نہ صرف مقامی ادیبوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک مثبت ادبی بیانیہ بھی تشکیل دیتا ہے۔

لاہور، جو صدیوں سے علم وادب کا گہوارہ رہا ہے، اس تقریب کے لیے ایک موزوں ترین انتخاب تھا۔ یہ وہی شہر ہے جہاں کبھی شعر وادب کی محفلیں رات بھر آباد رہتی تھیں، جہاں فکر کی شمعیں روشن ہوتی تھیں اور جہاں قلم کار اپنے لفظوں کے ذریعے زمانے کی سمت متعین کرتے تھے۔ اسی روایت کی جھلک اس تقریب میں بھی نمایاں تھی، جہاں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے ادیب، شاعر، صحافی اور دانشور ایک فکری قافلے کی صورت میں جمع ہوئے۔

تقریب کی اصل خوب صورتی اس کے پس منظر میں کارفرما وہ جذبہ تھا جو خلوص، محنت اور ادب سے سچی وابستگی پر مبنی تھا۔ منتظمین نے جس پیشہ ورانہ

اخلاق احمد ساغر

مہارت اور لگن کے ساتھ اس ایونٹ کو ترتیب دیا، وہ کسی بھی بین الاقوامی معیار کی تقریب سے کم نہ تھا۔ ایک کامیاب پروگرام کے پیچھے چھپی انتھک محنت، عمیق منصوبہ بندی اور ٹیم ورک اس تقریب کے ہر پہلو سے عیاں تھا۔

اس ایوارڈ کا سب سے اہم پہلو وہ خاموش خدمت گزار تھے جنھیں اس پلیٹ فارم پر سراہا گیا۔ وہ قلم کار جو شہرت کی دوڑ سے دور رہ کر اپنے الفاظ کے ذریعے معاشرے میں شعور، آگہی اور مثبت تبدیلی کا بیج بوتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی دراصل ایک روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ ایسے افراد کو منظر عام پر لانا اس بات کی دلیل ہے کہ معاشرہ ابھی بھی فکری قدروں کو اہمیت دیتا ہے۔

عالمی تناظر میں دیکھا جائے تو ادب ہمیشہ سے مکالمے، رواداری اور انسانی ہم آہنگی کا ذریعہ رہا ہے۔ آج کے دور میں، جب دنیا مختلف نظریاتی، ثقافتی اور سیاسی تقسیم کا شکار ہے، ایسی تقریبات ایک پل کا کردار ادا کرتی ہیں۔ یہ ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ اختلاف کے باوجود مکالمہ ممکن ہے اور قلم وہ طاقت رکھتا ہے جو دلوں کو قریب لا سکتی ہے۔

اس تقریب میں شرکت کرنے والے افراد کے چہروں پر جو خوشی، فخر اور اطمینان نمایاں تھا، وہ محض ایک ایوارڈ حاصل کرنے کی خوشی نہیں تھی بلکہ اپنی محنت کے اعتراف کا وہ احساس تھا جو کسی بھی تخلیق کار کے لیے سب سے بڑی طاقت بنتا ہے۔ یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جو ایک ادیب کو مزید لکھنے، مزید سوچنے اور مزید بہتر کرنے کی تحریک دیتے ہیں۔

پہچان پاکستان ادبی ایوارڈ 2026 دراصل ایک پیغام ہے، یہ پیغام کہ ادب زندہ ہے، قلم با معنی ہے اور اہل قلم آج بھی معاشرے کی رہنمائی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ تقریب اس یقین کی تجدید ہے کہ اگر نیت خالص ہو، مقصد واضح ہو اور محنت مسلسل ہو تو کامیابی ایک ناگزیر حقیقت بن جاتی ہے۔

یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس نوعیت کی ادبی سرگرمیاں نہ صرف پاکستان کے اندر علمی وادبی فضا کو فروغ دیتی ہیں بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک مثبت اور مہذب تشخص پیش کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے اقدامات کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے، تاکہ آنے والی نسلیں ایک مضبوط، باشعور اور تخلیقی معاشرے میں سانس لے سکیں۔

یہ تقریب محض ایک یاد نہیں بلکہ ایک آغاز ہے، ایک ایسے سفر کا آغاز جس میں قلم روشنی بن کر اندھیروں کو چیرتا رہے گا اور ادب انسانیت کو اس کی اصل پہچان دلاتا رہے گا۔

شہر قائد

میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر بارش میں نکاسی آب کا جائزہ لے رہے ہیں

عوام کو ریلیف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، ثروت اعجاز قادری

عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، مزید بوجھ ڈالنا کسی صورت مناسب نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر ثروت اعجاز قادری نے موجودہ ملکی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج عوام مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت کی جانب سے کیے جانے والے فیصلے عوامی توقعات کے برعکس نظر آتے ہیں، جس کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی دن بہ دن مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور ایسے فیصلے کرے جو براہ راست عوامی مفادات کے عکاس ہوں۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں مزید بوجھ ڈالنا کسی صورت مناسب نہیں۔ حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی سازی کریں۔

فلسطینیوں کو پھانسی دینے کا قانون کی منظوری شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نظام مصطفیٰ پارٹی سابق وفاقی وزیر محنت وافرادی قوت سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ناجائز اسرائیلی حکومت کی نام نہاد پارلیمنٹ کی طرف سے اسرائیل میں فلسطینی قیدیوں کو پھانسی کی سزا کا قانون منظور ہونا انسانی حقوق، بین الاقوامی تسلیم شدہ قوانین کی سراسر منافی ہے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ اقدام فلسطینی قیدیوں کی نسل کشی کا باعث بنے گا اس قانون کے نفاذ کے بعد اسرائیل 10 ہزار سے زائد فلسطینیوں کو پھانسی دے گا اسرائیل کو اس اقدام سے روکنا اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے اداروں، مسلم تنظیم او آئی سی اور عالمی عدالت انصاف کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایک طرف تو بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینے کے دعوی کئے جاتے ہیں دوسری جانب یروشلم میں مسلمانوں کو مسجد الاقصیٰ تک رسائی سے روکنے اور عبادت کی پابندیاں لگانا ان دعووں پر سوالیہ نشان ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی: بروقت نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے خود موقع پر موجود رہ کر آپریشنز کی نگرانی کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) نے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی قیادت میں آج شہر کے مختلف علاقوں میں ہونے والی شدید اور وقفے وقفے سے ہونے والی بارش کے اثرات کا کامیابی سے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں بروقت نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا اور معمولات زندگی میں کم سے کم خلل پڑا۔ بارش کی شدت اور غیر متوقع صورتحال کے باوجود، کے ایم سی نے پیشگی طور پر تمام متعلقہ محکموں میں ایمرجنسی اور ہائی الرٹ نافذ کر رکھا تھا۔ فعال اقدامات، جن میں برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی اور صفائی، اہم مقامات پر فیلڈ ٹیموں کی تعیناتی، جبکہ نشیبی علاقوں میں ڈی واٹرنگ پمپس اور بھاری مشینری کی فراہمی شامل تھی، نے صورتحال کو مؤثر طریقے سے سنبھالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے خود موقع پر موجود رہ کر آپریشنز کی نگرانی کی اور شہر کی اہم شاہراہوں اور متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، جن میں ایم اے جناح روڈ، شاہراہ لیاقت، شاہراہ فیصل، سر شاہ سلیمان روڈ، منور سہروردی انڈر پاس، جوہر موڑ، نارتھ ناظم آباد، کے ڈی اے چورنگی اور دیگر علاقے شامل ہیں۔ چند مقامات سے محدود شکایات موصول ہوئیں، خاص طور پر شاہراہ فیصل نرسری کے قریب، تاہم صورتحال کو فوری طور پر کنٹرول کرلیا گیا۔ علاقے کی جغرافیائی ساخت کے باعث پانی جمع ہوا، مگر کے ایم سی کی ٹیموں نے فوری طور پر ڈی واٹرنگ پمپس اور مشینری کی مدد سے نکاسی آب کو یقینی بنایا۔ تمام بڑے انڈر پاسز قابل آمد ورفت رہے اور سڑکوں کو ٹریفک کے لیے کھلا رکھا گیا۔ عارضی طور پر جمع ہونے والے پانی کو بروقت اقدامات کے ذریعے ختم کیا گیا اور مجموعی صورتحال کے ایم سی کے دائرہ اختیار میں قابو میں رہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ کے ایم سی کی ٹیمیں واٹر کارپوریشن، ضلعی انتظامیہ، ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز (ٹی ایم سیز) اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔

صحافی پیر حسام الدین راشدی کی علمی وادبی خدمات کے اعتراف میں خصوصی تقریب

نعرے بازی کی بجائے مکالمے کی روایت کو فروغ دیا، صدر آرٹس کونسل احمد شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام معروف تاریخ دان، محقق اور صحافی پیر حسام الدین راشدی کی علمی وادبی خدمات کے اعتراف میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، مہتاب اکبر راشدی، ڈاکٹر جعفر احمد، مدد علی سندھی، پارس محمود اور حمید اخوند نے اظہار خیال کیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر ایوب شیخ نے انجام دیے، تقریب میں اہل علم، ادبی شخصیات اور سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے کہا کہ پیر حسام الدین راشدی عظیم محقق اور دانشور تھے، یہ پہلے سے طے کیا گیا تھا کہ 20 ستمبر کو آرٹس کونسل میں پیر حسام الدین راشدی کے حوالے سے نمائش اور مکالمے کا انعقاد کیا جائے گا، اس طرح کی تقریبات دراصل اس بات کا اعلان ہیں کہ ہمیں اس دنیا سے مکمل طور پر مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، سندھ میں ہمارے لوگ چاہتے ہیں کہ اہل علم اور اہل فکر آپس میں بیٹھ کر بات کریں، اسی سوچ کے تحت ہم نے نعرے بازی کے بجائے مکالمے کی روایت کو فروغ دیا۔

ممکنہ بارشوں کے پیش نظر نیو کراچی ٹاؤن میں رین ایمرجنسی

کراچی (پ۔ر) میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر کا بارش کے دوران نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ۔ میونسپل کمشنر کا صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ۔ اس موقع پر اسٹاف افسر محمد علی، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن مشتاق خان، محکمہ انفارمیشن، ریسکیو، پارک، اور B&R کے افسران وعملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار مہر نے نشیبی علاقوں میں جمع پانی کی فوری نکاسی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بارش کے دوران شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی اور نکاسی آب کے کام کو تیز کیا جائے اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی کی جائے۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار مہر نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن انتظامیہ بارش کے دوران ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے متحرک ہے اور تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

صدر آرٹس کونسل احمد شاہ معروف صحافی پیر حسام الدین راشدی کی خدمات کے اعتراف میں تقریب میں اظہار خیال کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی جانب سے ایس ایس پی بدین کو سخت ہدایات

ضلع کے اندر بڑھتی ہوئی منشیات، خصوصاً آئس، کی فروخت اور استعمال پر تشویش کا اظہار کیا گیا

بدین میں منشیات کی فروخت اور استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ، تقریباً 30 فیصد نوجوان عادی بن چکے

بدین (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بدین نے 30 مارچ 2026 کو اخبار میں شائع ہونے والی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی بدین کو خط جاری کر دیا ہے، جس میں ضلع کے اندر بڑھتی ہوئی منشیات، خصوصاً آئس، کی فروخت اور استعمال پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے خط میں بتایا گیا ہے کہ مذکورہ خبر کے مطابق ضلع بدین میں منشیات کی فروخت اور استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، جہاں تقریباً 30 فیصد نوجوان آئس کے عادی بن چکے ہیں۔ اخبار میں مزید یہ بھی بتایا گیا ہے کہ منشیات کی خرید وفروخت کا کاروبار کھلے عام جاری ہے، جبکہ بعض قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں پر رشوت اور بھتہ لے کر اس غیر قانونی کاروبار کو سہولت فراہم کرنے کے سنگین الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے خبردار کیا ہے کہ اگر ان غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے فوری اقدامات نہ کیے گئے تو یہ صورتحال عوامی صحت، سماجی اقدار اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کے اعتماد کے لیے سنگین خطرہ بن سکتی ہے خط میں ایس ایس پی بدین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اخبار میں مذکور تمام امور پر ایک جامع رپورٹ تیار کر کے 7 اپریل 2026 تک معزز عدالت میں پیش کریں، جس میں منشیات کی روک تھام کے لیے کیے گئے یا مجوزہ اقدامات شامل ہوں مزید برآں رشوت خوری اور بھتہ خوری کے الزامات پر شفاف اور غیر جانبدارانہ اندرونی تحقیقات کرائی جائیں اور ملوث اہلکاروں کی نشاندہی کی جائے خط میں یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ منشیات کے کاروبار میں ملوث یا اس میں سہولت فراہم کرنے والے کسی بھی سرکاری اہلکار کے خلاف سخت قانونی اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے آخر میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اس معاملے کو انتہائی ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

محراب پور: مبینہ پولیس مقابلہ، رہزن زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) مبینہ پولیس مقابلہ، رہزن ہاف فرائی، ٹھارو شاہ پولیس تھانہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک رہزن ممتاز چانڈیو زخمی حالت میں اسلحہ سمیت گرفتار، ضلعی پولیس ترجمان نوشہرو فیروز شوکت کلو کے مطابق وادی موری اسٹاپ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے رہزنوں نے پولیس پر فائرنگ کی جوابی فائرنگ میں گاؤں جعفر شاہ (ناگو شاہ موری) کے رہائشی ممتاز چانڈیو ولد سومر چانڈیو کو زخمی حالت میں پستول اور گولیوں سمیت گرفتار کر کے اسپتال منتقل کردیا۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محراب پور: حادثات اور واقعات میں تین افراد زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) حادثات اور واقعات میں تین افراد زخمی، حادثہ رسول آباد پولیس چوکی کی حدود میں قومی شاہراہ پر ایک پیٹرول پمپ کے پاس ہوا جہاں پر نامعلوم گاڑی کی زد میں آکر زبیر ڈاہری اونٹ بان کا بھتیجا زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق زخمی کو کس اسپتال گمبٹ منتقل کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے، دوسری طرف اکری پولیس تھانہ کی حدود درگاہ خوش خیر محمد ہسبانی میں ہسبانی برادری کے دو گروپوں میں اراضی تکرار پر جاری تکرار پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا، ذرائع کے مطابق فائرنگ میں ذوالفقار چانڈیو ولد میوہ چانڈیو زخمی ہوگیا، یاد رہے کہ ہسبانی برادری میں چلی آرہی زمینی تکرار پر فریقین کافی عرصہ سے مورچہ بند ہیں اور پولیس کیلئے علاقہ نوگو ایریا بنا ہوا ہے۔

صحافی سمیت 5 منشیات، گٹکا فروش گرفتار

محراب پور (پاکستان بلیٹن) پولیس کارروائی میں گٹکا فروش صحافی سمیت 5 منشیات، گٹکا فروش گرفتار، لاکھا روڈ پولیس نے ایک کارروائی میں صحافی وقار خاص خیلی اور پرویز علی چانگ کو 2200 ساڑھے 6600 گرام مضر صحت گٹکا سمیت گرفتار کرلیا ہے، مورو پولیس نے ایک کارروائی میں منور عرف نولو ماچھی اور فرحان علی کو 800 ساڑھے 2400 گرام مضر صحت گٹکا، پان پراگ سمیت گرفتار کرلیا ہے۔

تہرے قتل میں ملوث

باپ بیٹا کو پھانسی کی سزا کا حکم

محراب پور (پاکستان بلیٹن) تہرے قتل میں ملوث باپ بیٹا کو پھانسی کی سزا کا حکم، ایڈیشنل سیشن جج کنڈیارو کی عدالت کے جج علم الدین جانوری نے ماں، باپ اور بہن کے تہرے قتل میں ملوث دھنی بخش گوندل اور اسکے بیٹے عبد اللطیف گوندل کے اعترافی بیان پر دونوں کو سزائے موت کا حکم سنایا ہے، سال 2021 میں گاؤں عالم گوندل میں ملزم دھنی بخش گوندل نے اپنے بیٹے عبد اللطیف گوندل کیساتھ ملکر کلہاڑی کے وار کرکے اپنے باپ احمد خان گوندل، ماں مسمات سکینہ اور بہن مسمات ذولیخاں کو قتل کردیا تھا، جس کا مقدمہ خان واہن پولیس تھانہ میں محمد خان گوندل کی مدعیت میں درج ہوا تھا۔

مکلی کے قریب افسوسناک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کراچی قومی شاہراہ پر مکلی کے قریب شوراموری کے مقام پر تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل سوار دو افراد کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت کراچی کے رہائشی عمران علی اور خیرپور کے رہائشی مجاہد سومرو کے نام سے ہوئی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ دونوں فوجی فاؤنڈیشن کے ملازم تھے اور تفریح کے لیے ٹھٹھہ جارہے تھے۔ پولیس نے لاشوں کو سول اسپتال ٹھٹھہ منتقل کردیا ہے، جہاں عمران علی کے ورثا پہنچ گئے ہیں جبکہ مجاہد سومرو کے اہل خانہ کو اطلاع دے دی گئی ہے۔ پولیس نے کار اور اس کے ڈرائیور کو تحویل میں لے لیا ہے اور مزید کارروائی جاری ہے۔

محراب پور: پولیس کارروائی میں گرفتار گٹکا فروش صحافی اور منشیات فروش

ٹھٹھہ میں معمولی تکرار پر ایک شخص نے خود کو آگ لالی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ میں معمولی تکرار پر ایک شخص نے خود کو آگ لالی تشویشناک حالت میں کراچی منتقل۔ ٹھٹھہ شہر کے قریب گھر میں معمولی تکرار پر ایک شخص استاد عبدالرحمٰن عرف جونو واریو نے مٹی کا تیل چھڑک کر خود کو آگ لگائی اہل خانہ نے بڑی مشکل سے آگ پر قابو پایا اور آگ سے جھلسنے والے شخص کو سول اسپتال مکلی منتقل کیا گیا جہاں سے تشویشناک حالت میں اسے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

شہید بینظیر آباد میں ایس آئی سی وی ڈی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس

نوابشاہ (و۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت سندھ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (SICVD) شہید بینظیر آباد کی مینجمنٹ کمیٹی کا ایک اجلاس آج انکے دفتر میں منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے نواب شاہ میں ادارہ برائے امراض قلب (ایس آئی سی وی ڈی) کا قیام دل کے مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ ایس آئی سی وی ڈی کے تحت عوام بالخصوص دل کے مریضوں کو مفت اور معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور اس کمیٹی کے قیام سے انتظامی امور مزید بہتر ہوں گیا انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ایس آئی سی وی ڈی میں طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے چیئرمین ایگزیکٹو ڈائریکٹر SICVD کو مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 01

اگر پوری دنیا ہماری مخالفت کرے گی، جماعت اسلامی پھر بھی دین کی بات کرے گی، ایران کی جرت کو پیش سلام کرتے ہیں جو دنیا کی بڑی طاقت کے سامنے کھڑا ہوا۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ امریکہ میں موجود جمہوریت فراڈ جمہوریت ہے، پیسے والی کمپنیاں ہی امریکہ میں حکومت چلا رہی ہیں، امریکہ کی اسلحہ ساز کمپنیاں بھی اس ساری صورت حال میں ملوث ہیں تاکہ ان کا اسلحہ زیادہ سے زیادہ فروخت ہو۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ چور دروازوں سے جماعت اسلامی کبھی حکومت میں نہیں آئے گی، پاکستان نے جنگ بندی میں اپنا کردار ادا کیا ہے اس کی ہم تعریف کرتے ہیں، جن لوگوں نے کردار ادا کیا ہے وہ تعریف کے لائق ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ پٹرول کی موجودہ قیمت پر 150 روپے مختلف ٹیکسز کی مد میں لیا جا رہا ہے، عالمی سطح پر پٹرول کی قیمت کم ہوگئی ہے لیکن پاکستان میں پرانی قیمت ہی چل رہی ہے، ہم وزیراعظم پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر پٹرول اور ڈیزل کی قیمت کم کریں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پٹرولیم ٹیکس کی مد میں روانہ اربوں روپے گورنمنٹ ٹیکس لے رہی ہیں، اشرافیہ عیاشی کر رہی ہے لیکن غریب ٹیکس دینے کے باوجود رل رہا ہے، پنجاب حکومت سے نہ تعلیم اور نہ ہی صحت کا نظام چل رہا ہے۔حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ اس لیے انہیں آؤٹ سورس کر رہے ہیں، بیوروکریسی اپنی مراعات کم نہیں کر رہے لیکن عام عوام کو لاک ڈاؤن کے نام پر تنگ کر رہی ہے، ہم چور دروازے سے حکمرانی میں نہیں آنا چاہتے ہیں، حکمرانوں پر لوگوں کا اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حکمرانوں میں جنگ بندی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے ہم اس کی تعریف کرتے ہیں، ہم چاہتے ہیں پاکستان میں ظلم کا نظام ختم ہونا چاہیے۔امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ جماعت اسلامی پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی، کسانوں کو بھی اپنے حقوق کے لیے سڑکوں پر آنا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 02

0.7 فیصد بڑھے جبکہ پاکستان کے قرضوں کا مجموعی حجم ایک سال قبل فروری 25 میں 73 ہزار 36 ارب روپے پر تھا۔ملکی مقامی قرض ایک سال میں 51 ہزار 22 ارب سے بڑھ کر پہلی بار 56 ہزار 679 ارب روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا، اسٹیٹ بینک کی جاری کردہ ڈیٹا کے مطابق ملکی مقامی قرضوں کا حجم جنوری 26 میں 55 ہزار 983 ارب روپے پر تھا۔پاکستان کے بیرونی قرضے سالانہ 22 ہزار 14 ارب روپے سے 23 ہزار 203 ارب روپے پر پہنچ گئے جبکہ بیرونی قرضے جنوری 26 میں 23 ہزار 344 ارب روپے سے کم ہو کر 23 ہزار 203 ارب روپے ہوگئے۔اسٹیٹ بینک کے مطابق بیرونی و مقامی قرضوں پر سود کی ادائیگیوں کا حجم 4 ہزار ارب روپے ہوگیا، قرض اور سود کے علاوہ سرکاری ضمانتوں کی رقوم کا حجم 5 ہزار ارب روپے پہنچ گیا۔

بقیہ نمبر 03

ساتھ کے نائب صدر محمد سلمان رضوان، عمران خان، محمد اسیم صابرانی اور دیگر موجود تھے چیئرمین محمد کاشف صابرانی نے سینٹرل میں تاجروں کے درپیش مسائل اور پولیس کی سیکورٹی کے حوالے سے بات چیت کی جس پر ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ نے یقین دہانی کاروائی جرائم کی کمی کے لیے پولیس فوری ایکشن لے گی جس پر چیئرمین محمد کاشف صابرانی نے ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ کو اجرک کا تحفہ پیش کیا گیا

بقیہ نمبر 04

رکن کی نشست اپوزیشن لیڈر سے آگے رکھنے پر تنقید کی تحریک انصاف اور جماعت اسلامی نے سٹی کونسل اجلاس سے واک آؤٹ کر دیا۔مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ بحیثیت میئر کراچی سب کے سامنے جوابدہ ہوں، آپ جو سوال پوچھیں گے میں جوابدہ رہوں گا۔انہوں نے مزید کہا کہ اس شہر اور ملک کو تاقیامت رہنا ہے، اپنے کردار سے آنے والی نسلوں کیلئے فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 05

بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا دن ہے۔یوم دستور پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ شہید قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے قوم کو ایک متفقہ آئین دیا، جو آج بھی ملکی جمہوری بنیادوں کو مضبوط بنائے ہوئے ہے، شہید بھٹو کی سیاسی بصیرت، جرات مندانہ قیادت اور عوامی خدمت کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی کاوشوں کے نتیجے میں ملک میں جمہوری سوچ کو فروغ ملا اور ادارے مضبوط ہوئے، صدر آصف علی زرداری کی جانب سے صوبوں کو خودمختاری دینے اور پارلیمان کو مضبوط کرنے سے وفاق مستحکم ہوا۔ان کا کہنا تھا کہ اختلافات سے بالاتر ہو کر آئین پاکستان کے تحفظ، جمہوریت کی مضبوطی اور ملک کی ترقی کے لیے ہمیں متحد رہنا ہوگا، قومی اتحاد اور یکجہتی ہی شہدا کی قربانیوں کا حقیقی ثمر اور ایک مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے۔

بقیہ نمبر 06

جاں بحق ہوگیا۔جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے پہلے خواجہ اجمیر نگری تھانے جہاں سے پولیس کارروائی کے بعد جناح اسپتال منتقل کی گئی۔ترجمان کراچی پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 32 سالہ ریحان ولد غلام نبی کے نام سے کی گئی۔ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ٹارگٹ کلنگ کا شاخسانہ ہے، مقتول کو سر پر ایک گولی ماری گئی ہے اور اسی علاقے میں سیکٹر فائیو سی ون رحمانیہ موڑ کے قریب کا رہائشی تھا۔مقتول کی والدہ حیدرآباد گئی ہوئی تھیں۔مقتول نے 6 ماہ قبل شادی کی تھی، مقتول نے جس خاتون سے شادی کی تھی اس سے وہ بچپن سے محبت کرتا تھا تاہم خاتون کی اس کے گھر والوں نے پہلے کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر دی تھی، خاتون کا پہلے شوہر سے ایک 12 سال کا بیٹا بھی ہے تاہم خاتون نے اپنے پہلے شوہر سے طلاق لیکر ریحان سے شادی کر لی تھی۔واقعے کے وقت مقتول فجر کے نماز پڑھ کر مسجد کے گیٹ سے باہر آ رہا تھا کہ گھات لگائے ملزمان نے فائرنگ کی اور فرار ہوگئے، مقتول کے سر پر عقب سے ایک گولی لگی تھی۔تحقیقاتی پولیس کو شبہ ہے کہ مقتول کو اس کے پہلے شوہر نے ہی قتل کیا ہے تاہم واقعے کی تمام پہلوں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 07

طور پر پوشیدہ رکھی جائے گی۔اجلاس میں مجرموں کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے قانون سازی کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے، پنجاب آن لائن سیفٹی ایکٹ 2026 کے ابتدائی مسودے پر کام شروع کر دیا گیا ہے جو جلد پیش کیا جائے گا۔بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ پنجاب پولیس سائبر پیٹرول ونگ اور سائبر پولیس اکیڈمی بھی قائم کی جائے گی اس کے علاوہ سوشل میڈیا مانیٹرنگ اور سرویلنس کے لیے انٹلیجنس سسٹم بھی قائم کیا جائے گا۔اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ والدین بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال کو محدود کرنے پر توجہ دیں اور کسی بھی شخص کو دوسروں کی پرائیویسی میں دخل کا ہرگز حق حاصل نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 08

ہے کہ اگر تحریک انصاف کی حکومت برقرار رہتی تو آج ملک کی معیشت مستحکم اور عوام خوشحال ہوتے۔مزمل اسلم موجودہ حکومت سے معاشی موازنہ کرتے ہوئے کہا پی ٹی آئی دور میں ڈالر 230 روپے، پیٹرول 200 روپے اور بجلی 30 روپے فی یونٹ ہوتی جبکہ عوام کو آٹا 125 کے بجائے 80 روپے کلو فراہم کیا جا رہا ہوتا۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ حکومت نہ ہٹائی جاتی تو ملکی جی ڈی پی 550 ارب ڈالر تک پہنچ جاتی اور شرح نمو موجودہ 2.8 فیصد کے مقابلے میں 7 فیصد ہوتی۔ان کا مزید کہنا تھا کہ آئی ٹی برآمدات 6 ارب ڈالر اور سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر 50 ارب ڈالر تک ہونے کا امکان تھا۔مزمل اسلم نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے تسلسل سے غربت کی شرح 45 فیصد سے کم ہو کر 30 فیصد رہ جاتی، جس سے کروڑوں افراد خط غربت سے باہر نکل آتے۔مشیر خزانہ نے زور دیا کہ پی ٹی آئی حکومت میں نہ صرف مزدور کی اجرت 30 فیصد زیادہ ہوتی بلکہ ملک میں نئے ڈیمز، جنگلات کی افزائش اور سرمایہ کاری کے ذریعے پائیدار ترقی کا عمل جاری رہتا۔

بقیہ نمبر 09

10 گرام سونے کی قیمت 2 ہزار 572 روپے بڑھ کر 4 لاکھ 26 ہزار 664 روپے ہوگئی۔اسی طرح ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت 130 روپے کے اضافے سے 8 ہزار 014 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 111 روپے کے اضافے سے 6 ہزار 870 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 10

میں صدر پی ایم اینڈ ڈی سی پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج نے کہا کہ کونسل اس واقعے کے پس منظر میں سامنے آنے والے حالات، خصوصاً ہراسانی کے سنگین الزامات کی شدید مذمت کرتی ہے اور ایسے افسوسناک حالات میں ایک نوجوان طالبہ کا ضیاع انتہائی تشویشناک ہے۔انہوں نے گورنمنٹ آف سندھ کی جانب سے شروع کی گئی انکوائری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات ہر پہلو سے مکمل اور شفاف ہونی چاہئیں اور ان کی تفصیلات مزید کارروائی کے لیے پی ایم ڈی سی کو فراہم کی جائیں۔ہراسانی کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی کو دہراتے ہوئے پی ایم اینڈ ڈی سی نے واضح کیا کہ گزشتہ سال ہی تمام میڈیکل و ڈینٹل کالجز کو سختی سے ہدایت دی گئی تھی کہ وہ ہر ادارے میں فعال اینٹی ہراسمنٹ کمیٹیاں قائم کریں تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ ہو سکے اور طلبہ و طالبات کی ذہنی صحت اور تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔پی ایم اینڈ ڈی سی نے یہ بھی واضح کیا کہ اگر طلبہ کو بار بار ہدایات بھی دی جاتی رہی ہیں کہ اگر ان کی شکایات ادارہ جاتی سطح پر حل نہ ہوں تو وہ براہ راست پی ایم اینڈ ڈی سی ہراسمنٹ کمیٹی سے رجوع کر سکتے ہیں۔پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج نے کہا کہ ان ہدایات پر عمل درآمد میں کسی قسم کی ناکامی یا محفوظ تعلیمی ماحول کی عدم فراہمی پی ایم اینڈ ڈی سی کے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی تصور ہو گی۔انہوں نے کہا کہ میڈیکل و ڈینٹل اداروں میں ہراسمنٹ کمیٹیوں کا قیام محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ طلبہ کے تحفظ کے لیے ایک اہم اور بنیادی حفاظتی اقدام ہے اور اس میں کسی بھی قسم کی غفلت پر سخت ریگولیٹری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج نے کہا کہ پی ایم اینڈ ڈی سی نے اس معاملے سے متعلق مکمل ریکارڈ اور معلومات طلب کر لی ہیں، جن میں واقعے کے حالات، ادارے اور حکومت کی جانب سے تشکیل دی گئی انکوائری کمیٹی کی تفصیلی رپورٹ اور ادارے کی جانب سے اٹھائے گئے اصلاحی اقدامات شامل ہیں۔رپورٹ موصول ہونے کے بعد معاملہ ذمے دار افراد کے خلاف کارروائی کے لیے پی ایم اینڈ ڈی سی کی ڈسپلنری کمیٹی میں سنا جائے گا۔پی ایم اینڈ ڈی سی نے مرحومہ کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور ملک بھر کے میڈیکل اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے اخلاقی اصولوں اور پی ایم اینڈ ڈی سی کی جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ تمام میڈیکل و ڈینٹل ادارے طلبہ کے لیے محفوظ، باعزت اور معاون تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے پابند ہیں، ہراسانی، دھمکی یا کسی بھی قسم کی بدسلوکی اخلاقی اور قانونی تقاضوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبہ کی سلامتی، عزت اور ذہنی صحت ہماری اولین ترجیح ہے اور اس معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 11

ایس سی اے (کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوامی تحفظ کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، انسپکٹر جنرل پولیس)آئی جی پولیس (جاوید اوڈھو، پرنسپل سیکریٹری ٹو وزیراعلیٰ)پی ایس سی ایم (آغا واصف، سیکریٹری داخلہ اقبال میمن، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقی)پی اینڈ ڈی(نجم شاہ، سیکریٹری خزانہ فیاض جتوئی، سیکریٹری ایکسائز سلیم راجپوت، ڈائریکٹر جنرل ایس ایس سی اے سرفراز نواز، آغا فخر، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے سلمان شاہ، اراکین اسمبلی سید سرفراز شاہ، علی حسن ہنگورجو، سحا افضل، حمیرا فراز اور دیگر نے شرکت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کے فیز ٹو کے تحت مجموعی طور پر 2,314 اسمارٹ سرویلنس کیمرے نصب کیے جائیں گے، جن میں 870 عمومی نگرانی، 1,300 آٹومیٹک نمبر پلیٹ ریکگنیشن)اے این پی آر (اور فیشل ریکگنیشن سے لیس، 80 ٹریفک نفاذ کے لیے، 56 موبائل سرویلنس یونٹس اور 8 ٹریفک سگنل مانیٹرنگ کے لیے مختص ہوں گے۔یہ کیمرے کراچی کے مختلف اضلاع میں نصب کیے جائیں گے، جن میں ضلع جنوبی میں سب سے زیادہ 322 کیمرے، اس کے بعد ضلع شرقی 220، کورنگی 27، کیماڑی 17، ملیر 16 اور ضلع غربی میں ایک کیمرہ نصب کیا جائے گا، جس سے شہر کے مانیٹرنگ نیٹ ورک میں نمایاں توسیع ہوگی۔تقریباً 9.98 ارب روپے لاگت کے اس منصوبے کی تکمیل 12 ماہ میں متوقع ہے، جبکہ کام مئی 2026 میں شروع ہونے کا امکان ہے۔انفراسٹرکچر میں 9 پوائنٹس آف پریزنس)پی او پی((سائٹس شامل ہوں گی جن میں سولر اور جنریٹر بیک اپ، ایک اسمارٹ سرویلنس ٹاور، مرکزی کمانڈ سسٹم سے منسلک 50 پبلک پینک بٹن، آن بورڈ کیمروں سے لیس 8 ریسپانس گاڑیاں اور 10 سرویلنس ڈرونز شامل ہیں۔مراد علی شاہ نے بتایا کہ خریداری کے عمل میں مذاکرات کے ذریعے ایک ارب روپے سے زائد کی بچت کی گئی، جو مالی نظم و ضبط کی عکاسی ہے جبکہ معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ عوامی تحفظ اور قومی سلامتی میں اہم سرمایہ کاری ہے۔وزیراعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ منظوری کے عمل کو تیز کیا جائے اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، بصورت دیگر تاخیر سے لاگت میں اضافہ ہو سکتا ہے، خصوصاً عالمی سطح پر سرویلنس آلات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں۔آپریشنل تیاری کو مضبوط بنانے کے لیے ایس ایس سی اے نے تکنیکی عملے کی بھرتی کا شفاف عمل مکمل کر لیا ہے، جو ماہرین پر مشتمل پینلز اور نگرانی کمیٹیوں کے ذریعے میرٹ پر مبنی متعدد مراحل میں کیا گیا۔وزیراعلیٰ نے ایس ایس سی اے ایکٹ کے تحت تقرریوں کی منظوری دے دی۔کراچی کے علاوہ اجلاس میں حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص اور شہید بینظیر آباد سمیت ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں سیف سٹی منصوبے قائم کرنے کی تجاویز کا بھی جائزہ لیا گیا، جن کی مجموعی لاگت 3.15 ارب روپے ہے اور ان کے تحت 780 کیمرے نصب کیے جائیں گے۔فیصلہ کیا گیا کہ ان تجاویز کو مزید جائزے کے لیے محکمہ منصوبہ بندی و ترقی کو بھیجا جائے گا۔وزیراعلیٰ نے زور دیا کہ تمام سیف سٹی اقدامات کو ایک متحدہ ایس ایس سی اے فریم ورک کے تحت مربوط کیا جائے تاکہ معیار کو یکساں رکھا جا سکے، تکرار سے بچا جا سکے اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ بکھرے ہوئے نظام مؤثریت کو متاثر کرتے ہیں جبکہ مقصد سندھ بھر میں مکمل طور پر مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول نیٹ ورک قائم کرنا ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیف سٹی منصوبہ نہ صرف جرائم کی روک تھام اور ردعمل کو بہتر بنائے گا بلکہ ٹریفک مینجمنٹ اور ایمرجنسی سروسز کو بھی مؤثر بنائے گا، جس سے کراچی ایک محفوظ اور مستحکم شہر بنے گا۔

بقیہ نمبر 12

انصاف کا نظام فعال ہے اور نہ ہی عدالتیں اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ فہمیدہ لغاری محمدی میڈیکل کالج کی پوزیشن ہولڈر اور ہونہار طالبہ تھی، جسے مبینہ طور پر اسٹاف اور دیگر افراد کی جانب سے ہراسانی اور بلیک میلنگ کا سامنا رہا۔ان کے مطابق متاثرہ طالبہ نے جب پرنسپل کو شکایت کی تو اس کی شنوائی نہیں کی گئی، بلکہ الٹا طلبہ کو دھمکیاں دی گئیں کہ انہیں فیل کر دیا جائے گا۔پی ٹی آئی سندھ کے صدر نے کہا کہ شکایات کے باوجود انتظامیہ نے کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی، جس کے باعث بااثر عناصر کو تحفظ ملا اور انصاف فراہم نہ ہو سکا۔انہوں نے کہا کہ سندھ میں انصاف کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اور بااثر افراد کے سامنے قانون بے بس نظر آتا ہے۔حلیم عادل شیخ نے مزید کہا کہ یہ پہلا واقعہ نہیں ہے، اس سے قبل بھی سندھ میں متعدد افسوسناک کیسز سامنے آ چکے ہیں جن میں چانڈکا میڈیکل کالج کی نمرتا کماری اور نوشین کاظمی، سندھ یونیورسٹی کی نائلہ رند اور نوابشاہ کی پروین رند کے کیسز شامل ہیں، تاہم آج تک کسی بھی واقعے میں مکمل انصاف فراہم نہیں کیا گیا۔انہوں نے آئی بی اے سکھر کی بختاور سومرو کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہراسانی کے خلاف آواز بلند کی لیکن انہیں جھوٹے مقدمات اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑا، جس سے ان کی تعلیم بھی متاثر ہوئی۔پی ٹی آئی سندھ کے مطابق فہمیدہ لغاری کے کیس میں ملوث ملزمان تاحال گرفتار نہیں ہو سکے، جبکہ ورثا نے پولیس پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے۔حلیم عادل شیخ نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث تمام عناصر کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے تاکہ آئندہ کسی بھی طالبہ کے ساتھ ایسا ظلم نہ ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طالبات کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس میں ناکامی ناقابل قبول ہے۔انہوں نے متاثرہ خاندان سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ذاتی طور پر میرپورخاص جا کر ورثا سے تعزیت کریں گے اور انصاف کی فراہمی تک ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔حلیم عادل شیخ نے کہا کہ اگر ماضی کے واقعات میں بروقت اور سخت کارروائی کی جاتی تو آج سندھ کی بیٹیاں اس طرح کے المناک واقعات کا شکار نہ ہوتیں۔

بقیہ نمبر 13

قیمتیں مستحکم رہیں، ایک ہفتے میں ڈیزل 54.71 اور پیٹرول 17.86 فیصد مہنگا ہوا جبکہ حالیہ ہفتے ایل پی جی کی قیمتوں میں 8.61 فیصد اضافہ ہوا۔ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی قیمت میں 9.35، آلو 4.13، پیاز 3.84 اور انڈے کی قیمتوں میں 3.77 فیصد اضافہ ہوا جب کہ ایک ہفتے میں بیف، مٹن، بریڈ اور پکی ہوئی دال بھی مہنگی ہوئی۔ادارہ شماریات کے مطابق چکن، آٹا، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ لہسن 3.78 اور کیلے 3.39 فیصد سستے ہوئے ہیں۔اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریے کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.75 فیصد اضافے کے ساتھ 9.33 فیصد رہی۔اسی طرح 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.02 فیصد اضافے کے ساتھ 11.50 فیصد رہی۔22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.17 فیصد اضافے کے ساتھ 10.51 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 1.56 فیصد اضافے کے ساتھ 10.61 فیصد رہی۔

بقیہ نمبر 14

یہ اقدام سندھ اسمبلی کے رکن سریندر ولاسائی کی جانب سے وزیراعلیٰ سندھ کو ارسال کیے گئے خط کے بعد عمل میں آیا، جس میں مقامی کاروباری افراد اور چھوٹے صنعت کاروں کے مفاد میں کوئلہ بریکیٹ کی صنعت کے فروغ کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا۔وزیراعلیٰ سندھ نے چیف سیکریٹری سندھ اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ قانون، اصول و ضوابط کے مطابق فوری کارروائی کریں اور اپنی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کی تفصیلی رپورٹ چیف منسٹر سیکرٹریٹ کو پیش کریں۔ہدایت نامے کی نقول متعلقہ سیکرٹریز اور صوبائی اسمبلی کے رکن سریندر ولاسائی کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔سریندر ولاسائی نے اس پیش رفت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام تھرپارکر کے مقامی افراد، خاص طور پر چھوٹے کاروباری حضرات اور نوجوانوں کے لیے ایک بڑی معاشی تبدیلی کا پیش خیمہ ہوگا اور علاقے میں کاٹیج انڈسٹری کو فروغ ملے گا۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس منصوبے کے تحت رجسٹرڈ کاروباری افراد کو کنٹرولڈ اور مناسب نرخوں پر کوئلہ فراہم کیا جائے گا اور ایک شفاف و مؤثر نظام وضع کیا جائے گا تاکہ وسائل تک مساوی رسائی یقینی بنائی جا سکے اور کسی بھی قسم کے استحصال کی روک تھام ہو۔منصوبے کے تحت متعلقہ محکموں اور اداروں کی جانب سے تکنیکی و مالی معاونت فراہم کی جائے گی جبکہ مقامی نوجوانوں اور چھوٹے کاروباروں کے لیے تربیتی پروگرامز بھی شروع کیے جائیں گے تاکہ وہ اس صنعت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔سریندر ولاسائی نے کہا کہ " کول بریکیٹس " کی تیاری نہ صرف ایندھن کے متبادل ذرائع کو فروغ دے گی بلکہ لکڑی کے بے دریغ استعمال سے پیدا ہونے والے ماحولیاتی دباؤ میں بھی کمی لائے گی، جس سے تھر کے ماحول کا تحفظ ممکن ہوگا اور مقامی آبادی کو اپنے قدرتی وسائل سے براہ راست فائدہ حاصل ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ صوبائی حکومت کے جامع ترقی، صنعتی فروغ اور پائیدار توانائی کے وژن سے مکمل ہم آہنگ ہے اور اس کے ذریعے تھر میں ایک نیا صنعتی ایکوسسٹم تشکیل پائے گا۔ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ اقدام مقامی کاروباری افراد کے لیے کوئلہ کی منظم فراہمی اور کوئلہ بریکیٹ کی صنعت کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا، جس سے مقامی سطح پر صنعت و روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور تھر کے کوئلے پر مبنی صنعتی منصوبوں کے فروغ سے معیشت کو تقویت ملے گی۔سریندر ولاسائی نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اس منصوبے کو جلد از جلد عملی شکل دی جائے تاکہ اس کے ثمرات عوام تک پہنچیں اور انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون اور رہنمائی فراہم کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 15

افتتاح کے موقع پر میڈیا ٹاک کرتے ہوئے وزیر بلدیات نے کہا کہ ان کے لیے ونڈو آپریشن کے تحت تمام مطلوبہ سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ن اصر حسین شاہ نے کہا کہ کراچی میں صنعتیں لگانے والے گجرانولہ کے صنعتکاروں کو بندرگاہ کی وجہ سے خام مال کی درآمدی لاگت میں کمی کی سہولت کے ساتھ انکی تیار کردہ مصنوعات کی برآمدات بھی آسان ہو سکے گی۔انہوں نے کہا ہے کہ تیسری عالمی جنگ کا خطرہ ٹلنے کے بعد پوری دنیا میں پاکستان کو امن کا ضامن قرار دیا جا رہا ہے، قیام امن کے لیے پاکستان کی بہترین سفارتکاری شاندار انداز میں کامیاب ہوئی۔صدر مملکت، وزیراعظم، وزیر خارجہ اور بالخصوص فیلڈ مارشل کی کاوشیں رنگ لائیں۔پاکستان کی اعلیٰ قیادت کی شاندار خارجہ پالیسی نے جنگ بندی کروائی۔ن اصر حسین شاہ نے کہا کہ نے نمائش میں شریک ہونے والے مقامی اور بین الاقوامی شرکا کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ گجرانولہ کے تیار کردہ مصنوعات کا پاکستان اور دنیا بھر میں صنعتی لحاظ سے بڑا مقام ہے۔اس نوعیت کی نمائشوں سے بزنس کو فروغ اور مثبت سرگرمیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی شاندار سفارتکاری کی بدولت جنگ بندی اور عالمی برادری کے سراہنے پر یقین یاہو اور مودی سمیت امن دشمن لوگ ناخوش ہیں اور ان کی پوری کوشش ہے کہ امت مسلمہ میں اختلافات بڑھیں اور جنگ ہو لیکن آج آپس میں جنگ کرنے والے اسلامی ممالک کے درمیان یکجہتی بڑھ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 16

قریب مبینہ مقابلے کے دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔زخمی ملزم کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت کرسٹوفر عرف کریسٹو کے نام سے ہوئی ہے۔پولیس حکام کے مطابق ملزم کے قبضے سے ایک پستول، نقد رقم، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔دوسری جانب نیو کراچی کے ٹاؤن آفس سیکٹر الیون آئی میں پولیس اور ڈاکوں کے درمیان ایک اور مبینہ مقابلہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔گرفتار ملزمان کی شناخت شاہد اور فیصل رضا کے نام سے ہوئی ہے، جنہیں طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔پولیس حکام کے مطابق دونوں کارروائیوں میں ملزمان سے اسلحہ اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد کی گئی ہیں جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 17

ہوئے امن کے قیام میں اہم حصہ ڈالا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بے مثال سفارتی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، شہباز شریف کی قیادت میں سفارتی محاذ پر قابل تحسین کامیابی حاصل ہوئی۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے خطے میں امن کے لئے فعال اور مثبت کردار ادا کیا، ایران اور امریکہ کا مذاکرات کے ذریعے حل کی جانب آنا خوش آئند ہے، عالمی تنازعات کا حل جنگ نہیں بلکہ سفارتکاری اور مذاکرات میں ہے۔میاں نواز شریف نے کہا کہ پاکستان نے ایک بار پھر دنیا کو امن کا پیغام دیا، موجودہ حکومت نے پاکستان کا عالمی امیج بہتر کیا، پاکستان کی کوششیں خطے میں استحکام لانے میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گی، عالمی برادری کو چاہیے کہ امن کے اس موقع سے فائدہ اٹھائے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن، ترقی اور استحکام کا داعی رہا ہے، دعا ہے کہ یہ جنگ بندی مستقل عالمی امن کی بنیاد بنے، پاکستان نے ثابت کیا کہ وہ مشکل حالات میں بھی مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پرخلوص اور عالمی امن کے لئے بے مثال کوششیں کیں جو کامیاب ہوئیں، اللہ تعالیٰ نے امن کے قیام کے لئے پاکستان کو چنا، جتنا بھی شکر ادا کریں اتنا کم ہے۔انہوں نے کہا کہ خطے اور دنیا میں امن کے لئے پاکستان کی مخلصانہ اور تاریخی کوشش نے ناممکن کو ممکن بنایا، امریکا، ایران اور تمام اسلامی ممالک کی قیادت مبارک کی مستحق ہے جن کی کوشش سے اربوں انسانوں کو امن نصیب ہوا۔مریم نواز شریف نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچالیا، معرکہ حق کے بعد ابھرنے والا پاکستان دنیا میں امن کا مرکزی کردار بن کر ابھرا ہے، امید ہے کہ پاکستان کی مخلصانہ کوششوں سے پائیدار امن قائم ہوگا، تنازعات مذاکرات سے حل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 18

مراحل میں واپسی کر سکتے ہیں تاہم حتمی فیصلہ تحفظ منظوری کے بعد ہوگا۔احتیاطی اقدام کے طور پر مصر خان کو نسیم شاہ کے جزوی متبادل کے طور پر ٹیم میں شامل کر لیا گیا ہے، مصر خان اس سے قبل اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کر چکے ہیں جہاں انہوں نے 14 میچز میں 49 رنز بنائے اور 2 وکٹیں حاصل کیں۔

بقیہ نمبر 19

والے رویوں پر کھل کر بات کی ہے۔انسٹاگرام پر 20 ملین سے زائد فالوورز رکھنے والی اداکارہ نے کہا ہے کہ میں تنازعات سے ناواقف نہیں ہوں، لیکن جو کچھ میرے اردگرد ہو رہا تھا، اس سے میں بہت تھک گئی تھی، میں نے کچھ وقت کے لیے وقفہ لیا کیونکہ مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے، میں ہفتوں یہی سوچتی رہی کہ کیا مجھ سے کوئی غلطی ہو رہی ہے؟ کیا مجھے خود کو بدلنے کی ضرورت ہے؟ اور پھر مجھے احساس ہوا کہ لوگ خوش اور کامیاب خواتین کو برداشت نہیں کرتیں انہوں نے کہا کہ یہ منفی رویہ صرف مردوں تک محدود نہیں بلکہ خواتین بھی ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں شامل ہیں، لوگ ہمیں اس سانچے میں ڈھالنا چاہتے ہیں جو انہوں نے اپنے ذہن میں بنا رکھا ہے اور جب ہم اس میں فٹ نہیں ہوتے تو ہمیں تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ہانیہ عامر نے سوشل میڈیا پر خواتین کے درمیان بڑھتی ہوئی تنقید اور لیبلنگ پر بھی افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم اب بھی یہ سوچتے ہیں کہ لوگ کیا کہیں گے، پہلے یہ دباؤ خاندان اور رشتے داروں تک محدود تھا لیکن اب یہ انسٹاگرام پر منتقل ہو گیا ہے، جو زیادہ خطرناک ہے کیونکہ اب تنقید کرنے والا کوئی جان پہچان کا نہیں بلکہ انجان لوگ ہیں۔

بقیہ نمبر 20

ٹی ڈی اور سویلین وفاقی حساس ادارے نے یونیورسٹی روڈ پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث کالعدم تنظیم زینبیون کا ٹارگٹ کلر محمد فرحان خان ولد محمد اسماعیل کو گرفتار کر لیا۔ترجمان سی ٹی ڈی کراچی کے مطابق کالعدم دہشت گرد تنظیم زینبیون ماضی میں درجنوں مذہبی، فرقہ وارانہ دہشت گرد کارروائیوں میں پیش پیش رہی ہے۔گرفتار ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے اپنے ساتھی کے ہمراہ تنظیم کی جانب سے دیے گئے ٹارگٹ مسجد ابوبکر کے امام مسجد مفتی قیصر فاروق کو 12 ربیع الاول کے روز فیڈرل بی ایریا بلاک 20 میں فائرنگ کر کے شہر میں فرقہ وارانہ دہشت گردی کو ہوا دینے کے لیے قتل کیا تھا۔اس واردات میں ایک معصوم بچہ عمر ولد شاکر بھی گولی لگنے سے زخمی ہوا۔ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق سی ٹی ڈی اور سویلین وفاقی حساس ادارے نے مشترکہ کرتے ہوئے اس واقعے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے آلۂ قتل نائن ایم ایم پستول بھی برآمد کر لیا۔ترجمان کے مطابق مفتی قیصر فاروق کے قتل کا مقدمہ سمن آباد تھانے میں درج ہے جبکہ گرفتار ملزم کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت سی ٹی ڈی میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور گرفتار ملزم سے تفتیش جاری ہے۔دوران تفتیش مزید انکشافات کی توقع ہے جبکہ ملزم کے تنظیمی ساتھیوں اور ٹارگٹ کلرز کی گرفتاری کے لیے سی ٹی ڈی اور سویلین وفاقی حساس ادارے کی مشترکہ ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں جو ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مار رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 21

ہوئے اسے یکسر مسترد کر دیا ہے، اراکین کا کہنا ہے کہ ایسی کمیٹی جس میں صرف حکومتی وزرا شامل ہوں کبھی شفاف تحقیقات نہیں کر سکتی، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مرکز بہادرآباد سے جاری کردہ اپنے بیان میں کہا کہ اتنے بڑے سانحے پر بنائی گئی کمیٹی میں حزب اختلاف اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کو شامل نہ کرنا بدنیتی پر مبنی ہے، انہوں نے اسے انصاف کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت اس اقدام کے ذریعے دراصل اپنی انتظامی ناکامیوں اور ذمہ داران کو بچانے کی کوشش کر رہی ہے، کمیٹی کی موجودہ ہیئت حکومت کے اپنے ہی لوگوں کو کلین چٹ دینے کا ایک ذریعہ ہے، غیر جانبدار ماہرین اور سول سوسائٹی کی عدم شمولیت سے کمیٹی کی قانونی و اخلاقی حیثیت ختم ہو چکی ہے، متاثرہ تاجر برادری اور عوام کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے حکومت سیاسی شعبدہ بازی سے کام لے رہی ہے شفافیت پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ایم کیو ایم پاکستان کے اراکین اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ سانحہ گل پلازہ کی جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ فوری طور پر پبلک کی جائے تاکہ عوام حقائق جان سکیں، اراکین اسمبلی نے مزید کہا کہ سانحہ گل پلازہ کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، اگر سندھ حکومت واقعی مخلص ہے تو فی الفور اس کمیٹی کو تحلیل کر کے ایک ایسی مشترکہ کمیٹی بنائے جس میں اپوزیشن کے اراکین ٹیکنیکل ماہرین اور سول سوسائٹی کے نمائندے شامل ہوں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو سکے، متحدہ اراکین اسمبلی نے متنبہ کیا کہ اگر ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچانے میں جانبداری برتی گئی تو وہ اس کے خلاف اسمبلی کے اندر اور باہر بھرپور احتجاج ریکارڈ کروائیں گے۔

بقیہ نمبر 22

آئین ہمیشہ ہماری رہنمائی کرتا ہے اور یہ ہمیں حقوق کے تحفظ، فرائض کے تعین اور وفاق کو مضبوطی سے جوڑنے کا ذریعہ فراہم کرتا ہے۔چیئرمین پی پی پی نے قوم کو متفقہ آئین کا تحفہ دینے پر ذوالفقار علی بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی مدبرانہ قیادت اور سیاسی بصیرت نے مختلف آوازوں کو یکجا کر کے قوم کو پہلا متفقہ آئین دیا، جو آج بھی ہمارے جمہوری سفر کی بنیاد ہے۔انہوں نے یوم دستور کے موقع پر بینظیر بھٹو کو بھی خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ ان کی آئین کی بحالی کے لیے جرات مندانہ جدوجہد نے آمریت کے ادوار میں جمہوریت کی شمع روشن رکھی۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 1973 کے آئین کی روح کو مسلسل جمہوری جدوجہد کے ذریعے بحال اور مستحکم کیا گیا، جبکہ آصف علی زرداری کے پہلے دور صدارت میں ہونے والی تاریخی 18 ویں آئینی ترمیم نے پارلیمانی بالادستی اور آئینی توازن کو بحال کیا۔

بقیہ نمبر 23

کے 44، بھتہ خوری کے 6، اغوا برائے تاوان کا ایک کیس ہوا۔سی پی ایل سی کی رپورٹ کے مطابق کراچی میں بینک ڈکیتی کی کوئی واردات رپورٹ نہیں ہوئی۔

بقیہ نمبر 24

عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اس اقدام کو بے روزگار نوجوانوں کے لیے امید کی نئی کرن قرار دیا گیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا وژن نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنا اور انہیں خودکفیل بنانا ہے، رکشہ روزگار اسکیم اسی وژن کی عملی تعبیر ہے جس کے ذریعے درجنوں خاندانوں کو معاشی سہارا میسر آئے گا، انہوں نے کہا کہ اس منصوبے میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ حقیقی مستحقین کو فائدہ پہنچ سکے، سید ناصر حسین شاہ نے مزید کہا کہ لیاری سے خود کفالت کے ایک نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے اور سندھ حکومت چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو مزید وسعت دے رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور عوامی خدمت ہے اور ہم عملی اقدامات کے ذریعے غریب اور متوسط طبقے کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے پرعزم ہیں، تقریب میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے پولیٹیکل سیکرٹری جنید جیدی، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما عثمان ہنگورو، یوسف بلوچ اور لیاری کی دیگر مقامی قیادت بھی موجود تھی جبکہ شرکا نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے غربت کے خاتمے، بے روزگاری میں کمی اور معاشی استحکام کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 25

لیا گیا۔نجی ٹی وی کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیرملکی مہمانوں کیلئے بہترین انتظامات کی ہدایت کی، محسن نقوی کا کہنا تھا کہ مذاکرات کا اسلام آباد میں انعقاد پاکستان کیلئے اعزاز ہے۔وزیر داخلہ نے وفود کی مہمان نوازی اور سیکیورٹی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریڈ زون مکمل سیل، صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہوگی، وزارت داخلہ میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 26

جماعتوں کی دوراندیش قیادت کا مرہون منت، چاروں صوبوں کے حقوق کا تحفظ آئین کی بنیاد ہے، آئین کو ماضی میں آمرانہ قوتوں نے نقصان پہنچایا۔مولانا فضل الرحمان نے مزید کہنا تھا کہ سیاسی کارکنوں اور عوام نے آئین کے دفاع کے لئے قربانیاں دیں، قوم نے آئین کی متفقہ حیثیت کو برقرار رکھا، دعا ہے پاکستان ترقی، خوشحالی اور استحکام حاصل کرے، اسلام اور جمہوریت ہی وطن عزیز کی کامیابی اور ترقی کی ضامن ہیں۔

بقیہ نمبر 27

صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ نے جنگ بندی میں سہولت کاری کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہا۔نیدرلینڈز کے وزیر خارجہ نے دیرپا امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی حمایت کا اظہار کیا، فریقین نے لبنان میں جنگ بندی کی سنگین خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کا پائیدار امن کیلئے جنگ بندی پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا۔دونوں ممالک نے تجارت، معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 28

مزید تقویت دینا ہوگا، امریکا کی دھوکہ دہی والی فطرت کے سبب گہرے شکوک و شبہات باقی رہیں گے۔محمد رضا عارف کا مزید کہنا تھا کہ 40 روزہ جنگ میں ایران نے دشمن کے اندازے غلط ثابت کیے، انہوں نے ایرانی قوم کے عزم کو کامیابی کی بنیاد قرار دیا۔

بقیہ نمبر 29

متعین کردہ محفوظ راستوں کے ذریعے جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنائے گا۔یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ٹرمپ نے ایران پر تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا تھا کہ وہ آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل کے معاملے میں مناسب رویہ اختیار نہیں کر رہا اور یہ طے شدہ معاہدوں کے خلاف ہے۔دوسری جانب ایران کے سرکاری میڈیا میں شائع ہونے والے ایک بیان میں پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سمندری سیکیورٹی اصولوں پر سختی سے عمل کریں اور ممکنہ خطرات، خصوصاً بارودی سرنگوں سے بچنے کے لیے متبادل راستے اختیار کریں۔پاسداران انقلاب کی جانب سے جاری نقشے کے مطابق بحیرہ عمان سے داخل ہونے والے جہاز جزیرہ لاراک کے شمالی راستے سے گزر کر خلیج فارس کی طرف جا سکتے ہیں، جبکہ واپسی پر جہاز لاراک جزیرے کے جنوبی حصے سے گزرتے ہوئے بحیرہ عمان کی جانب جا سکتے ہیں۔ماہرین کے مطابق آبنائے ہرمز میں جاری کشیدگی عالمی تیل کی ترسیل کے لیے خطرہ بن سکتی ہے، کیونکہ یہ راستہ دنیا کی اہم ترین توانائی گزرگاہوں میں شمار ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 30

میں آج اسلام آباد میں ہوں گے، امریکی وفد میں نائب صدر جے ڈی وینس، نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان پہنچیں گے۔ایرانی وفد میں وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف شامل ہیں۔ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکا کے وفود اور صحافیوں کو ویزا فری سفری سہولت دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 31

لیے روانہ کیا گیا۔پی این ایس حنین نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیتے ہوئے پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل صلاحیت کا بھرپور مظاہرہ کیا۔پاک بحریہ کی ماہرین پر مشتمل ٹیم نے تجارتی بحری جہاز پر لگی آگ بجھانے میں معاونت اور متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کرنے کے علاوہ عملے کو بحفاظت ریسکیو کیا اور تجارتی بحری جہاز کے نقصانات کا جائزہ لیا۔ریسکیو کیے گئے افراد کو مزید طبی امداد اور بعد ازاں اپنے ممالک واپسی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، پاکستان کی وسیع سمندری حدود میں پاک بحریہ کی جانب سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی جانے والی کارروائی اس عزم کی عکاس ہے۔پاک بحریہ اپنی ذمہ داری کے دائرہ کار میں کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہمیشہ بروقت، مؤثر اور سب سے پہلے مدد کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔

بقیہ نمبر 32

شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو کی قیادت میں متفقہ آئینی نظام کی بنیاد انہی کی سیاسی بصیرت اور جرات مندانہ جدوجہد سے رکھی گئی۔صدر مملکت نے زور دیا کہ آئین صرف قانونی دستاویز نہیں بلکہ روزمرہ حکمرانی اور اداروں کے کام کرنے کا رہنما اصول ہے جس پر مکمل عملدرآمد سے ہی جمہوریت اور انصاف قائم رہ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 33

میں 17 فیصد زیادہ ہیں، مالی سال 2026 کے پہلے 9 ماہ میں مجموعی ترسیلات زر 30.3 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو سالانہ بنیاد پر 8 فیصد زیادہ ہیں۔خرم شہزاد نے بتایا کہ مالی سال 2025 کے 38 ارب ڈالر کے مقابلے میں مالی سال 2026 میں ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانی مسلسل ملکی معیشت کی ترقی اور مالی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، موجودہ عالمی حالات کے باوجود ترسیلات زر کی آمد میں استحکام برقرار ہے اور مستقبل میں مزید اضافہ متوقع ہے۔بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بھیجی جانے والی ریکارڈ ترسیلات زر حکومت پر بھرپور اعتماد کی عکاس ہیں، ملکی معیشت اور عالمی اعتماد میں خوش آئند پیشرفت کے باعث پاکستان ایک بااعتماد اور مضبوط معاشی قوت بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 34

صورتحال بہت تکلیف دہ ہو سکتی ہے۔امریکی صدر نے مزید کہا کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے حالیہ ٹیلیفونک گفتگو میں لبنان پر حملوں میں کمی پر رضامندی ظاہر کی ہے۔صدر ٹرمپ کے مطابق ایران کے ساتھ بات چیت میں پیش رفت ہو رہی ہے اور دونوں جانب سے سنجیدگی دکھائی جا رہی ہے، جو ممکنہ امن معاہدے کی راہ ہموار کر سکتی ہے، اگر مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں تو یہ نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک اہم پیش رفت ہوگی۔

بقیہ نمبر 35

شاپنگ مالز ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کے علاوہ دیگر اضلاع میں ہفتے کے ساتوں دن شام 8 بجے تک بند کر دیے جائیں گے، جبکہ ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں یہی کاروبار رات 9 بجے تک کھلے رہ سکیں گے۔حکومت نے نوٹیفکیشن میں واضح کیا ہے کہ تندور، دودھ و ڈیری شاپس، بیکریز، میڈیکل اسٹورز، لیبارٹریز، اسپتال اور پیٹرول پمپس ان پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے۔اسی طرح ہوٹلز، ریسٹورنٹس اور فوڈ آؤٹ لیٹس کو رات 7 بجے سے 11 بج کر 30 منٹ تک کھولنے کی اجازت ہوگی، تاہم ہوم ڈیلیوری اور ٹیک اوے سروس پر کوئی پابندی نہیں ہوگی۔علاوہ ازیں شادی ہالز اور بینکوئٹس کے اوقات بھی مقرر کر دیے گئے ہیں، جن کے مطابق یہ رات 8 بجے سے 12 بجے (نصف شب) تک کھلے رہ سکیں گے۔نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز سندھ پولیس کی مدد سے اپنے اپنے علاقوں میں ان احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 36

جاری ہے، آئین کی سربلندی ہی ملک میں جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہے۔وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا عوامی حاکمیت آئین پاکستان کی بنیاد ہے، آئین پاکستان ہر شہری کو مساوی حقوق اور تحفظ فراہم کرتا ہے، عوام اور ریاست کے درمیان اعتماد آئین کی بدولت قائم رہتا ہے، آئین کے مطابق انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔مراد علی شاہ نے کہا کہ قانون کی حکمرانی ہی ایک مضبوط ریاست کی پہچان ہے، یوم دستور ہمیں اپنے حقوق اور فرائض یاد دلاتا ہے، شہری کا فرض ہے کہ وہ آئین کی پاسداری کرے تاہم آئین کے تحفظ سے ہی پاکستان کا مستقبل محفوظ ہے۔انہوں نے کہا کہ مضبوط جمہوریت ہی مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے، ہمیں آئین کے مطابق اداروں کی مضبوطی اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 37

اجلاس ہوا جس میں سول و عسکری قیادت نے مذاکرات کو کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں آج بھی مقامی تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آج ضلع راولپنڈی میں تعطیل ہوگی۔ڈی سی راولپنڈی کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں ایمرجنسی سروسز بحال رہیں گی۔دارالحکومت اسلام آباد میں بھی مقامی تعطیل ہوگی، جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ایران امریکا مذاکرات کے باعث ایشیائی مارکیٹوں میں استحکام آ گیا اور خام تیل کی قیمت میں بھی کمی آ گئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈبلیو ٹی آئی تیل کی قیمت کم ہو کر 97 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔برینٹ خام تیل 95.37 ڈالر پر ٹریڈ ہوتا دکھائی دیا۔

بقیہ نمبر 38

بنایا جائے اور اس ضمن میں تمام ضروری اقدامات ترجیحی بنیادوں پر کیے جائیں۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ڈی آئی جیز ہیڈکوارٹرز، کرائم اینڈ انویسٹیگیشنز، آئی ٹی، فنانس، سی ٹی ڈی، ایس ایس پیز سی ٹی ڈی، اے آئی جیز نے شرکت کی، جس میں شرکا کو ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ڈی آئی جیز سی ٹی ڈی اور آئی ٹی نے شعبے کے مختلف امور کو ڈیجیٹلائز کرنے اور جدید آلات کی ضرورت، اغراض و مقاصد اور حصول سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے بتایا کہ حساس معلومات پر مشتمل سندھ پولیس کی ریڈبک کو اے آئی فیچرز کے ساتھ ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے۔ریڈبک میں ہائی پروفائل مجرمان و مطلوب ملزمان کے ناموں کے اندراج و اخراج کے لیے مختلف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں پر مشتمل بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ڈیجیٹل ریڈبک کے ڈیٹا کو سندھ پولیس کی دیگر آن لائن سرویلنس ایپلیکیشنز اور سہولیات کے ساتھ بھی منسلک کیا گیا ہے۔اجلاس میں ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے جدید آلات کی افادیت، مؤثر استعمال اور ان کی فراہمی کے طریقہ کار پر بھی جامع بریفنگ پیش کی، جس میں بتایا گیا کہ جدید آلات کا حصول آپریشنل سرگرمیوں میں پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر حکمت عملی کے نفاذ کو تقویت دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 39

اور دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ دینے کے امور پر بات چیت کی گئی۔دوسری جانب توانائی، انفراسٹرکچر اور مالیاتی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال ہوا اور سعودی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں مزید مواقع فراہم کرنے پر زور دیا گیا۔ذرائع کا کہنا تھا کہ دوران گفتگو وزیراعظم کا سعودی قیادت کے ساتھ مضبوط برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا گیا اور خطے میں قیام امن کیے لئے پاکستان کی سفارتی کوششوں پر پر اطمینان کا اظہار بھی کیا گیا۔سعودی وزیر خزانہ کی جانب سے امریکہ، ایران مذاکرات کا خیر مقدم کیا جب کہ علاقائی استحکام کیلئے امریکہ ایران مذاکرات مثبت پیش رفت کا بھی قرار دیا۔اسی طرح پاکستان کا خطے میں امن و استحکام کیلئے تعمیری کردار جاری رکھنے کا عزم کیا اور پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔دوران گفتگو دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا اور تقریب میں وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 40

ناکابندی کرتے ہوئے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کی گئی۔اس دوران پولیس اہلکاروں نے منشیات فروش انیل کو روکنے کی کوشش کی تاہم ملزمان نے مزاحمت کرتے ہوئے فائرنگ کر دی اور فرار ہوگئے۔منشیات فروشوں کی فائرنگ سپاہی سکاتون زخمی ہوئی۔ایس ایچ او نے بتایا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کی گئی کارروائی کے خلاف کچھ عناصر نے کورنگی روڈ پر ٹریفک بند کر کے احتجاج کیا، جہاں پولیس کی جانب مظاہرین کو سمجھانے کی کوشش اور سڑک کھولنے کی اپیل کی گئی۔مظاہرین کی جانب سے احتجاج سے انکار پر پولیس کی بھاری نفری کو موقع پر طلب کیا گیا اور لاٹھیوں و ڈنڈوں کا استعمال کرتے ہوئے مظاہرین کو منتشر کر کے کورنگی روڈ کو ٹریفک کے لیے بحال کر دیا گیا۔پولیس حکام کے مطابق صورتحال کو کنٹرول کرتے ہوئے قانونی کارروائی ضابطے کے مطابق عمل میں لائی جا رہی ہے جبکہ مزید تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 41

کی جبکہ مہنگائی میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔اے ڈی بی نے کہا کہ سخت معاشی پالیسیوں اور اصلاحات نے پاکستان کی معیشت کو سہارا دیا اور استحکام کی بنیاد فراہم کی۔رپورٹ میں پیشگوئی کی گئی ہے کہ پاکستان کی معاشی شرح نمو 2026 میں 3.5 فیصد تک رہے گی جبکہ 2027 میں مزید بہتری کے ساتھ 4.5 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے، صنعتی شعبے کی بحالی اور نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معیشت کو مزید تقویت دے گا۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے خبردار کیا کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی پر دباؤ بڑھ سکتا ہے، مہنگائی کی شرح 2026 میں 6.4 فیصد اور 2027 میں 6.5 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ادارے نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے محتاط مانیٹری پالیسی میں نرمی متوقع ہے تاہم توانائی اور کھاد کی قیمتوں میں اضافہ معیشت پر دباؤ ڈال سکتا ہے، زرعی اور صنعتی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے جبکہ ترسیلات زر میں کمی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھنے کا خطرہ بھی برقرار ہے۔اے ڈی بی کے مطابق 2026 میں نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معاشی ترقی کو سہارا دے گا جبکہ تعمیراتی شعبہ بجٹ مراعات اور سیلاب سے بحالی کے منصوبوں سے مستفید ہوگا۔رپورٹ میں زور دیا گیا ہے کہ عالمی غیر یقینی صورتحال پاکستان کی معیشت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے اور پائیدار ترقی کیلئے اصلاحات کے تسلسل اور محتاط معاشی پالیسیوں پر عمل ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 42

گیا ہے کہ خلیجی ممالک سے ترسیلات زر میں کمی کا خدشہ، سیاحت اور سرمایہ کاری پر بھی منفی اثرات متوقع ہیں۔عالمی بینک کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان کی معاشی شرح نمو رواں مالی سال 3 فیصد تک محدود رہنے کا امکان ہے، 2026 میں مہنگائی بڑھ کر 7.4 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 43

ڈھانچے کو نچلی سطح تک فعال کرنے کے لئے جامع حکمت عملی پر اتفاق کیا گیا، اجلاس میں مرکزی رہنما ارشاد ظفیر، شبیر احمد قائم خانی، سید شکیل احمد، شریف خان اور ارشد حسن شامل تھے، اس موقع پر بین الصوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج جمیل اختر بھی موجود تھے، پنجاب کی نمائندگان میں زاہد ملک رکن بین الصوبائی تنظیمی کمیٹی، عابد گجر صدر ایم کیو ایم پنجاب، محمد علی آغا ایڈیشنل سیکرٹری پنجاب، شہباز بٹ زونل صدر گوجرانوالہ موجود تھے، ملاقات میں پنجاب کی موجودہ سیاسی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، پنجاب سے آئے ذمہ داران نے مرکزی قیادت کو صوبے میں ہونے والی حالیہ سرگرمیوں پر مفصل بریفنگ دی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایم کیو ایم پاکستان کا پیغام پنجاب کے ہر ضلع میں پہنچایا جائے گا تاکہ ملک کو موروثی سیاست سے نجات دلائی جا سکے، پنجاب کے تمام اضلاع بالخصوص گوجرانوالہ اور وسطی پنجاب میں پارٹی دفاتر کو متحرک کرنے اور نئے کارکنان کو شامل کرنے کا فیصلہ اور صوبہ بھر میں عوامی مسائل کی نشاندہی سمیت ایم کیو ایم کے منشور کو گھر گھر پہنچانے کے لئے رابطہ مہم کے اگلے مرحلے کا شیڈول طے کیا گیا، مزید یہ کہ پنجاب کے کارکنان کی سیاسی و فکری تربیت کے لئے ورکشاپس کے انعقاد اور مرکز کے ساتھ ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا، مرکزی رہنماؤں اور بین الصوبائی تنظیمی کمیٹی نے وفد کو یقین دلایا کہ مرکز پنجاب میں تنظیمی سرگرمیوں کی مکمل سرپرستی کرے گا تاکہ ملک گیر سطح پر متوسط طبقے کی سیاست کو فروغ دیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 44

ں 1.17 فیصد اضافے سے ایک لاکھ 67 ہزار 449 پوائنٹس کی سطح پر ہے۔دوسری جانب ایشیائی شیئر بازاروں میں کاروبار کا مثبت رجحان دیکھنے کو مل رہا ہے۔جاپان، کوریا اور انڈونیشیا کے بینچ مارک اسٹاک انڈائسز 2، 2 فیصد مثبت ہیں جب کہ بھارت اور ویتنام کے اسٹاک انڈائسز ایک ایک فیصد مثبت ہیں۔

بقیہ نمبر 45

انٹرویو میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہماری پہلی ترجیح انعام نہیں بلکہ خطے میں پائیدار امن کا قیام ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کے پاس پلان بی کی گنجائش نہیں ہے، ہمیں ہر صورت پلان اے یعنی امن کو ہی کامیاب بنانا ہوگا۔پی پی پی چیئرمین نے مزید کہا کہ اس جنگ کے نتائج پوری دنیا کے لیے تباہ کن ہو سکتے ہیں، حالیہ تنازع سے انسانی جانوں کے ضیاع اور عالمی معیشت پر بھی اثر پڑ رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایک ماہ کی کوششوں کے بعد امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی پر اتفاق ہوا ہے، پاکستان کو امید ہے کہ اعتماد سازی کے خلا کو پر کیا جا سکے۔بلاول بھٹو زرداری نے یہ بھی کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی پر اتفاق اور توثیق کی ہے، ایران کے 10 نکاتی فارمولے کو مذاکرات کی بنیاد بنایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران کے کچھ نکات پر اب بھی اختلاف رائے موجود ہے، ایران میں بمباری اور خطے میں جوابی کارروائیاں رک چکی ہیں۔

بقیہ نمبر 46

آن ارائیول سہولت فراہم کرے گا۔نائب وزیراعظم نے جمعہ کو ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ پاکستان اسلام آباد مذاکرات 2026 کے سلسلہ میں سفر کرنے والے ممالک کے صحافیوں سمیت تمام مندوبین کا خیر مقدم کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس مقصد کیلئے تمام ایئرلائنز سے درخواست کی جاتی ہے کہ ایسے تمام افراد کو بغیر ویزا کے بورڈنگ کی اجازت دیں۔سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان میں امیگریشن حکام انہیں آمد پر ویزا جاری کریں گے۔

مریم نواز نے سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دیدی

پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری کے بعد بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا شکار بچوں کو شکایت کے لیے تھانے یا کسی دفتر میں نہیں جانا پڑے گا

متاثرہ کم عمر بچے اور بچیوں کی شکایت کے اندراج کیلئے موبائل یونٹ جائیگا، بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن میں بھی شکایت درج کراسکیں گی

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی زیرصدارت اجلاس میں سائبر کرائم کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے اور اجلاس میں پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری کے بعد بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا شکار بچوں کو شکایت کے لیے تھانے یا کسی دفتر میں نہیں جانا پڑے گا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ متاثرہ کم عمر بچے اور بچیوں کی شکایت کے اندراج کے لیے موبائل یونٹ جائے گا، متاثرہ بچے بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن میں بھی شکایت درج کراسکیں گی جب کہ متاثرہ بچوں اور خواتین کی شناخت مکمل طور پر پوشیدہ رکھی جائے گی۔ اس کے علاوہ مجرموں کو قرار واقعی سزا دینے کیلئے قانونی سازی کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ متاثرہ بچے بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن میں بھی شکایت درج کراسکیں گی جہاں ان کی شناخت مکمل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

پی ٹی آئی کی حکومت ختم نہ ہوتی تو پیٹرول کی قیمت 200 روپے ہوتی، مزمل اسلم کا دعوی

پشاور(ویب ڈیسک)مشیر خزانہ خیبر پختونخوا

مزمل اسلم نے دعوی کیا ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت ختم نہ ہوتی تو پیٹرول کی قیمت 200 روپے ہوتی۔ تفصیلات کے مطابق مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے موجودہ معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

سونے کی قیمتوں میں ایک دن کمی کے بعد آج پھر اضافہ ہوگیا

گزشتہ روز سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوئی تھی

کراچی(ویب ڈیسک)سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت ایک دن کمی کے بعد پھر بڑھ گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج جمعہ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 30 ڈالر کا بڑا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں سونے کی نئی عالمی قیمت 4 ہزار 753 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 97 ہزار 662 روپے کی سطح پر آ گئی جب کہ فی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

کوئٹہ: بارش کے بعد سڑک پر مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

کراچی: ایک ماہ میں 3 ہزار موٹر سائیکلیں، 140 گاڑیاں چوری

بھتہ خوری کے 6، اغوا برائے تاوان کا ایک کیس ہوا، 440 موٹر سائیکل اسلحے کے زور پر چھینی گئیں

کراچی (ویب ڈیسک) سٹیزن پولیس لائژن کمیٹی (سی پی ایل سی) نے مارچ 2026 کے دوران کراچی میں مختلف جرائم کی رپورٹ جاری کردی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مارچ کے مہینے میں شہر میں 3027 موٹر سائیکلیں چوری کی گئیں، مختلف علاقوں سے 440 موٹر سائیکل اسلحے کے زور پر چھینی گئیں۔ مارچ میں 1265 موبائل فونز سے شہریوں کو محروم کردیا گیا جبکہ اسی ماہ شہر سے 140 کاریں چوری اور 17 اسلحے کے زور پر چھینی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق مارچ میں قتل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

مقامی حکومت کا محکمہ لاہور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب تیزی سے تعمیراتی کام کی نگرانی کر رہا ہے

1973 کا آئین قومی وحدت اور جمہوریت کی بنیاد ہے، بلاول بھٹو

1973 کا آئین قومی وحدت، جمہوریت اور بنیادی حقوق کا ایک دائمی عہد ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم دستور کے موقع پر پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے آئین 1973 کو ملکی تاریخ کا ایک سنگ میل قرار دیا۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ 1973 کا آئین قومی وحدت، جمہوریت اور بنیادی حقوق کا ایک دائمی عہد ہے، جس نے ملک کو جمہوری روح، وفاقی توازن اور اتفاق رائے پر مبنی اجتماعی شناخت عطا کی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات ہوں یا ترقی کے مواقع، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

سوشل میڈیا پر خواتین کیخلاف بڑھتا ہوا منفی رویہ، معروف اداکارہ ہانیہ عامر برس پڑیں

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے سوشل میڈیا پر خواتین کے خلاف بڑھتے ہوئے منفی رویوں پر صارفین کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں انہوں نے خوش گوار اور کامیاب زندگی گزارنے والی خواتین کو تنقید کا نشانہ بنانے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، 100 انڈیکس میں 1900 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ

کراچی(ویب ڈیسک)مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے دوران آج بھی زبردست تیزی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروباری ہفتے کے آخری دن بھی تیزی دیکھنے میں آرہی ہے اور کاروبار کے آغاز میں 100 انڈیکس میں 1932 پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

ایم کیو ایم پاکستان کا پنجاب میں تنظیمی نیٹ ورک پھیلانے کا فیصلہ

کراچی (ویب ڈیسک)متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکز بہادرآباد میں صوبہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ سطح کے تنظیمی وفد نے مرکزی رہنماؤں سے اہم ملاقات کی، ملاقات میں پنجاب میں پارٹی بیانیے کی ترویج اور تنظیمی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

عالمی بینک نے پاکستان سمیت علاقائی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری کردی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)عالمی بینک نے پاکستان سمیت علاقائی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری کردی۔ نجی ٹی وی کے مطابق عالمی بینک کے مطابق مشرق وسطیٰ کشیدگی سے پاکستان سمیت کئی ممالک متاثر ہیں، تیل و گیس کی قیمتوں میں اضافہ سے مہنگائی کا دباؤ بڑھ گیا۔ رپورٹ میں معاشی ترقی 4.2 فیصد کے سالانہ ہدف سے کم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، رپورٹ میں کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

پاکستان کی معیشت بحالی کی جانب گامزن 2025 بہتر سال قرار

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایشین ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے حوالے سے اپنی تازہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025 میں معاشی نمو میں بہتری دیکھی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

پولیس کارروائی کے دوران منشیات فروشوں کی فائرنگ سے خاتون زخمی

کراچی(ویب ڈیسک)شرافی گوٹھ کے علاقے ہاشم گبول گوٹھ میں پولیس کارروائی کے دوران منشیات فروشوں کی فائرنگ سے خاتون پیٹ میں گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگئی۔ پولیس کے مطابق زخمی خاتون 60 سالہ خاتون جمیلہ زوجہ محمد زمان کو فوری طور پر جناح ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ پولیس کی جانب سے ہاشم گبول گوٹھ میں مختلف مقامات پر پکٹ اور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

تحفظ حرمین شریفین و پاکستان زندہ باد ریلی
اہلسنت والجماعت کراچی ڈویژن

اہل سنت والجماعت کراچی ڈویژن نے تحفظِ حرمین شریفین اور پاکستان زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا

حافظ نعیم کا 25 اپریل سے عوامی رابطہ تحریک شروع کرنیکا اعلان

جماعت اسلامی سیاست میں جدوجہد کرتی ہے لیکن ہم جھوٹ، دھوکا، اور گالی کی سیاست نہیں کرتے، عوامی کمیٹیز کنونشن سے خطاب

امریکہ میں موجود جمہوریت فراڈ جمہوریت ہے، پیسے والی کمپنیاں ہی امریکہ میں حکومت چلارہی ہیں، امیر جماعت اسلامی

گوجرانوالہ(ویب ڈیسک)امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 25 اپریل سے عوام سے رابطے کی نئی تحریک شروع کر رہے ہیں۔ پنجاب کے شہر گوجرانوالہ میں عوامی کمیٹیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی سیاست میں جدوجہد کرتی ہے لیکن ہم جھوٹ، دھوکا، اور گالی کی سیاست نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

پی ایم ڈی سی کا میڈیکل طالبہ کی المناک موت پر اظہارِ افسوس

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے محمد میڈیکل کالج میر پور خاص کی تیسری سال کی طالبہ فہمیدہ لغاری کی موت پر گہرے دکھ اور شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک سرکاری بیان .....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

قرضوں کے بڑھنے سے ہر پاکستانی تقریباً 4 لاکھ کا مقروض ہوگیا

پاکستان کے مجموعی قرضوں میں ایک سال میں 9.4 فیصد اضافہ ہوا، مرکزی بینک

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستانی قرضوں کے بڑھنے سے ہر پاکستانی تقریباً چار لاکھ کا مقروض ہوگیا، پاکستان کے مجموعی قرضوں میں ایک سال میں 9.4 فیصد اضافہ ہوا۔ پاکستانی قرضوں کا مجموعی حجم تاریخ میں پہلی بار 80 ہزار ارب روپے کے قریب پہنچ گیا، پاکستان کا مقامی و بیرونی قرضوں کا حجم سال بھر میں 73 ہزار 36 ارب روپے سے بڑھ کر 79 ہزار 882 ارب روپے پر پہنچ گیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق پاکستان کے مجموعی قرضے ایک سال میں 9.4 فیصد اور ایک ماہ میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

آل تاجران سندھ اتحاد کے وفد کی ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ سے ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) تاجران سندھ اتحاد کے چیئرمین محمد کاشف صابرانی کی قیادت میں وفد نے ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ سے ملاقات کی وفد میں وائس چیئرمین جاوید صدیقی، مرکزی نائب صدر عبدالقادر سوریہ، ضلع .....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

وزیراعلیٰ سندھ نے کراچی سیف سٹی فیز 2 کی منظوری دیدی

نمبر پلیٹ اور چہرے کی خودکار شناخت کے حامل 1300 کیمرے نصب کیے جائینگے، عوامی تحفظ کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے

شہر میں 2300 سے زاید اسمارٹ کیمرے اور جدید مانیٹرنگ انفرااسٹرکچر نصب کیا جائیگا، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے جمعہ کو کراچی سیف سٹی پروجیکٹ کے فیز ٹو کی منظوری دے دی، جس کے تحت شہر میں شہری سکیورٹی، نگرانی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کو مضبوط بنانے کے لیے 2,300 سے زائد اسمارٹ کیمروں اور جدید مانیٹرنگ انفرااسٹرکچر کی تنصیب کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں سندھ سیف سٹیز اتھارٹی)ایس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

لیاری میں مستحق افراد میں رکشوں کے کاغذات اور چابیاں تقسیم

کراچی (ویب ڈیسک) چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی خصوصی دلچسپی اور وژن کے تحت لیاری میں رکشہ روزگار اسکیم کے ذریعے مستحق افراد میں رکشوں کے کاغذات اور چابیاں تقسیم کردی گئیں، اس موقع پر منعقدہ تقریب میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

پائیدار معاشی اصلاحات کی بدولت ملکی ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)کامیاب سفارت کاری اور پائیدار معاشی اصلاحات کی بدولت پاکستان کی ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ہونے لگا۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق مارچ 2026 میں ترسیلات زر 3.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو فروری کے مقابلے میں 17 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

کراچی کے نمائش چورنگی پر سڑک کنارے کنٹینرز کی وجہ سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا

ایم کیو ایم نے سانحہ گل پلازہ پر حکومتی وزارتی کمیٹی کو مسترد کردیا

کراچی (ویب ڈیسک)متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے سانحہ گل پلازہ کی جوڈیشل کمیشن رپورٹ پر عملدرآمد کیلئے سندھ کابینہ کی جانب سے تشکیل دی گئی دو رکنی وزارتی کمیٹی پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

فرقہ وارانہ کارروائیوں میں ملوث کالعدم تنظیم کا ٹارگٹ کلر گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک)سی ٹی ڈی اور سویلین وفاقی حساس ادارے نے یونیورسٹی روڈ پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ میں ملوث کالعدم تنظیم زینبیون کا ٹارگٹ کلر کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

وزیر بلدیات سندھ کی گجرانولہ کے صنعتکاروں کو صوبے میں صنعتیں لگانے کی پیشکش

ان کے لیے ونڈو آپریشن کے تحت تمام مطلوبہ سہولیات فراہم کی جائیں گی، ناصر حسین شاہ

کراچی(ویب ڈیسک)وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے صوبائی صنعتی زونز میں گجرانولہ کے صنعتکاروں کو صنعتیں لگانے کی پیشکش کردی۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں گجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تحت تین روزہ میڈ ان گجرانوالہ نمائش کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

سندھ حکومت کا تھر کوئلہ کی منظم سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کا اعلان

ننگر پارکر(ویب ڈیسک)سندھ حکومت نے تھر کے کوئلے سے تیار ہونے والے کوئلہ بریکیٹ کی صنعت کو فروغ دینے اور مقامی کاروباری افراد تک تھر کوئلہ کی منظم سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

شہر میں مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک)شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوں کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران تین ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق عزیز آباد میں یاسین آباد قبرستان کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

پاکستان دنیا میں امن کا داعی بن کر ابھرا ہے

نواز شریف

وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بے مثال سفارتی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی عالمی امن کے لیے خوش آئند پیشرفت ہے، گورنر سندھ سید نہال ہاشمی سے ملاقات میں گفتگو

لاہور(ویب ڈیسک) قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ آج دنیا میں پاکستان نے منفرد مقام حاصل کرلیا اور امن کا داعی بن کر ابھرا ہے۔ گورنر سندھ سید نہال ہاشمی کی آمد پر سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی عالمی امن کے لیے خوش آئند پیشرفت ہے، پاکستان نے ذمہ دار ریاست کا کردار ادا کرتے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

نارتھ ناظم آباد، کراچی میں نئے ترقیاتی منصوبے کی تعمیر جاری

گھات لگائے ملزمان کی فائرنگ سے مسجد کی دہلیز پر نمازی قتل

واقعہ ٹارگٹ کلنگ کا شاخسانہ ہے، مقتول کو سر پر ایک گولی ماری گئی، ابتدائی تحقیقات

کراچی(ویب ڈیسک)نارتھ کراچی سیکٹر فائیو سی ون میں گھات لگائے ملزمان کی فائرنگ سے مسجد کی دہلیز پر ایک نمازی جاں بحق ہوگیا، مقتول کی 6 ماہ قبل شادی ہوئی تھی۔ تفصیلات کے مطابق خواجہ اجمیر نگری کے علاقے نارتھ کراچی سیکٹر 5 سی ون فاروق اعظم مسجد کی دہلیز پر جمعہ کی الصبح نماز فجر کے وقت گھات لگائے بیٹھے موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے ایک نمازی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

قومی اتحاد اور یکجہتی ہی شہدا کی قربانیوں کا حقیقی ثمر اور ایک مستحکم پاکستان کی ضمانت ہے، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر)سندھ کے سینئر پاکستان کا آئین 1973 قوم کی متفقہ دانش،

وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ جمہوری جدوجہد اور وفاقی وحدت کی علامت ہے، یوم دستور آئین و قانون کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

سٹی کونسل اجلاس میں جماعت اسلامی اور پی پی ارکان میں ہاتھا پائی

جماعت اسلامی نے پی پی رکن کی نشست اپوزیشن لیڈر سے آگے رکھنے پر تنقید کی، واک آؤٹ کرگئے

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں کے ایم سی سٹی کونسل اجلاس کے دوران جماعت اسلامی اور پیپلز پارٹی کے ارکان میں ہاتھا پائی ہوگئی، جھگڑے کے باعث اجلاس کچھ دیر کیلئے روکنا پڑا۔ میئر کراچی مرتضی وہاب نے اراکین کو روکنے کی کوشش کی، جماعت اسلامی نے پی پی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

کوئٹہ کا آسمان دلکش کلاؤڈ سکیپ سے چمک رہا ہے

فہمیدہ کا کیس عوام کی عدالت میں لیکر آئے ہیں، حلیم عادل شیخ

ملک میں نہ موثر حکمرانی ہے، نہ انصاف کا نظام فعال ہے اور نہ ہی عدالتیں اپنی ذمہ داریاں پوری کررہی ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے میرپورخاص محمدی میڈیکل کالج کی طالبہ فہمیدہ لغاری کی مبینہ خودکشی کے واقعے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے سندھ میں بڑھتے ہوئے انصاف کے بحران اور تعلیمی اداروں میں طالبات کے عدم تحفظ کا افسوسناک ثبوت قرار دیا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ آج ایک اور سندھ کی بیٹی فہمیدہ لغاری کا کیس وہ عوام کی عدالت میں لے کر آئے ہیں، کیونکہ ملک میں نہ موثر حکمرانی ہے، نہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

حیدرآباد کے کھیت میں کسان جانوروں کے چارے کے لئے گھاس لے جاتے ہوئے

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، مہنگائی میں اضافہ' حالیہ ہفتے 28 اشیا مہنگی

ایک ہفتے کے دوران ڈیزل 54.7، پیٹرول 17.86 فیصد اور ایل پی جی 8.61 فیصد مہنگی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ملک میں رواں ہفتے 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے مہنگائی میں 1.93 فیصد اضافہ ہوا ہے، پچھلے ہفتے 1.01 فیصد اضافہ ہوا تھا جبکہ حالیہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بھی 9.12 فیصد سے بڑھ کر 12.15 فیصد ہوگئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق حالیہ ہفتے 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے 8 اشیاء سستی اور 15 کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

پی ایس ایل 11: راولپنڈیز نے فاسٹ بولر نسیم شاہ کے جزوی متبادل کا اعلان کردیا



لاہور(ویب ڈیسک)پاکستان سپر لیگ میں شامل ٹیم راولپنڈیز نے آل راؤنڈر مبصر خان کو نسیم شاہ کے جزوی متبادل کے طور پر ٹیم میں شامل کرلیا۔ فرنچائز انتظامیہ کے مطابق نسیم شاہ کو کراچی کنگز کے خلاف میچ کے دوران سائیڈ انجری ہوئی تھی۔ ٹیم کے ڈاکٹرز ان کی صحت یابی پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں اور امید ظاہر کی جارہی ہے کہ وہ ٹورنامنٹ کے آخری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر18